★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | بدھ یکم صفر المظفر 1445ھ 07 اگست 2024ء 23 ساون 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 297

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

طلبہ تحریک کے مطالبے پر بنگلہ دیشی صدر نے پارلیمنٹ تحلیل کر دی

بنگلہ دیش نیشنل پارٹی کی چیئرپرسن خالدہ ضیا کو رہا کر دیا گیا ہے۔ سابق وزیراعظم شیخ حسینہ واجد کے استعفے اور ملک سے فرار ہونے کے بعد طلبہ تحریک نے فوجی قیادت یا حمایت والی حکومت قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا اور پارلیمنٹ دوپہر 3 بجے تک تحلیل کرنے کا الٹی میٹم دیا تھا

طلبہ تحریک کے رہنما ناہید اسلام، آصف محمود اور ابوبکر مازوم دار نے ویڈیو پیغام کے ذریعے عبوری حکومت کا خاکہ جاری کرتے ہوئے مطالبہ کیا تھا کہ نوبیل انعام یافتہ ڈاکٹر محمد یونس کے زیر سربراہی عبوری حکومت قائم کی جائے

بنگلہ دیش کی مستعفی وزیراعظم نے برطانیہ سے سیاسی پناہ کی درخواست کر دی ہے جبکہ ان کی بہن شیخ ریحانہ کے پاس پہلے ہی سے برطانیہ کی شہریت ہے، دونوں بہنیں اس وقت بھارت میں ہیں

بنگلہ دیش میں 1971 کی جنگ لڑنے والوں کے بچوں کو سرکاری نوکریوں میں 30 فیصد کوٹہ دیے جانے کے خلاف گزشتہ ماہ کئی روز تک مظاہرے ہوئے تھے جن میں 200 افراد جان سے ہاتھ دھو بیٹھے تھے



اسلام آباد، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ ادویات کی قیمتوں کا تعین کرنے والی آزاد باڈی کے لیئے سفارشات دینے کے حوالے سے کمیٹی کے دوسرے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈھاکہ (ویب ڈیسک) طلبہ تحریک کے مطالبے کے بعد بنگلہ دیش کے صدر شہاب الدین نے پارلیمنٹ تحلیل کر دی۔ رپورٹ کے مطابق بنگلہ دیشی میڈیا نے ایک پریس ریلیز کے حوالے سے بتایا ہے کہ مسلح افواج کے سربراہان، مختلف سیاسی جماعتوں، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور طلبہ اتحاد سٹوڈنٹس اگینسٹ ڈسکریمینیشن کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کا اچانک ڈی جی پی آر کا دورہ

بیشتر افسران، ملازمین کی دفاتر میں عدم موجودگی پر برہمی کا اظہار

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کا اچانک ڈی جی پی آر کا دورہ، بلڈنگ کے تینوں فلور پر قائم کمروں کا وزٹ، بیشتر افسران اور ملازمین کی دفاتر میں عدم موجودگی پر برہمی کا اظہار، ڈیوٹی ٹائم پر دفتر نہ پہنچنے والے افسران اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

حکومت اور بلوچ یکجہتی کمیٹی تحریری معاہدے کے باوجود بلوچستان میں دھرنے نہ ختم ہو سکے

راستے بند ہونے کے باعث کوئٹہ شہر میں پیٹرول کی قلت، پی ٹی سی ایل، موبائل فون اور انٹرنیٹ کی سروسز متاثر

گوادر (این این آئی) حکومت اور بلوچ یکجہتی کمیٹی کے درمیان تحریری معاہدے کے باوجود بلوچستان کے مختلف شہروں میں نہ دھرنے ختم ہو سکے، گوادر میں بلوچ یکجہتی کمیٹی کا دھرنا میرین ڈرائیو پر بدستور جاری ہے۔ دھرنے کے باعث اہم شاہراہوں سے رکاوٹیں بھی نہیں ہٹائی گئیں جبکہ راستے بند ہونے کے باعث کوئٹہ شہر میں پیٹرول کی قلت پیدا ہوگئی اور علاقے میں پی ٹی سی ایل، موبائل فون اور انٹرنیٹ کی سروسز متاثر ہوگئیں۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ حکومت نے معاہدے پر عمل کرتے ہوئے گرفتار کارکنان کو بھی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

قومی اسمبلی

الیکشن ایکٹ ترمیمی بل اکثریت رائے سے منظور

اپوزیشن اراکین سپیکر ڈائس کے سامنے آ کر بل نامنظور، عدلیہ اور جمہوریت پر حملہ نامنظور کے نعرے لگاتے رہے، ایجنڈے کی کاپیاں پھاڑ دیں..... پی ٹی آئی کا قانون سازی کیخلاف سپریم کورٹ جانے کا اعلان

ترمیمی بل غیر آئینی ہے، کس طرح قانون سازی کر کے سپریم کورٹ کی جانب سے دیے گئے ہمارے حق سے محروم کیا جا سکتا ہے، علی محمد خان، قانون سازی صرف اس ایوان کا اختیار ہے، وزیر قانون..... پارلیمنٹ سپریم ضرور ہے، تشریح کا اختیار سپریم کورٹ کو ہے، بیرسٹر گوہر

بل پر ہمیں اعتماد میں نہیں لیا گیا، آئینی ادارے کی ضد میں کی جانے والی قانون سازی ٹھیک نہیں ہے، ایم کیو ایم کے رہنما فاروق ستار کا اظہار خیال، الیکشن ایکٹ کے حوالے سے غلط تاثر دیا جا رہا ہے، شازیہ مری..... عمران خان معاہدہ کر کے ملک سے نہیں بھاگے، حامد رضا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن کے شدید احتجاج، شور شرابے اور ہنگامہ آرائی کے دوران الیکشن ایکٹ ترمیمی بل کثرت رائے سے منظور کر لیا گیا جس کے مطابق پارٹی سرٹیفکیٹ جمع نہ کرانے والا امیدوار آزاد تصور ہوگا، کسی بھی امیدوار کی جانب سے مقررہ مدت میں ایک مرتبہ کسی سیاسی جماعت سے وابستگی کا اظہار ناقابل تنسیخ ہوگا جبکہ سنی اتحاد کونسل اور پی ٹی آئی کی ترامیم مسترد کر دی گئی، اپوزیشن اراکین سپیکر ڈائس کے سامنے آ کر بل نامنظور، عدلیہ اور جمہوریت پر حملہ نامنظور کے نعرے لگاتے رہے۔ منگل کو قومی اسمبلی کا اجلاس اسپیکر ایاز صادق کی زیر صدارت شروع ہوا، مسلم لیگ (ن) رکن اسمبلی بلال اظہر کیانی نے الیکشن ایکٹ ترمیمی بل منظوری کے لیے پیش کیا، اپوزیشن اراکین کی جانب سے بل کی شدید مخالفت کی گئی۔ اپوزیشن ارکان اپنی نشستوں پر کھڑے ہو گئے اور ایوان میں نعرے بازی کرتے رہے، اپوزیشن ارکان اسپیکر ڈائس کے سامنے آ گئے، اپوزیشن ارکان نے بل نامنظور کے نعرے، عدلیہ اور جمہوریت پر حملہ نامنظور کے نعرے لگائے تاہم حکومتی ارکان کی جانب سے الیکشن ایکٹ 2017 میں ترمیم کا بل قومی اسمبلی سے منظور کر لیا گیا، بل مسلم لیگ (ن) کے بلال اظہر کیانی اور زیب جعفر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

حضرت داتا گنج بخشؒ کے 981 ویں سالانہ عرس کی تقریبات 24 اگست سے شروع

عرس کی تقریبات میں اہم شخصیات، ملکی و غیر ملکی زائرین کی بڑی تعداد شرکت کریگی، سید طاہر رضا بخاری

لاہور (سپیشل رپورٹر) حضرت داتا گنج بخشؒ کے تین روزہ عرس کی تقریبات کا آغاز 24 اگست سے ہوگا اور 26 اگست کو اختتام پذیر ہوں گی، عرس کی تقریبات میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی اہم شخصیات کے علاوہ ملکی اور غیر ملکی زائرین کی بڑی تعداد شرکت کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری اوقاف پنجاب سید طاہر رضا بخاری نے دربار حضرت داتا گنج بخشؒ کے تین روزہ عرس کے انتظامات کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

آئی پی پی 2016ء میں 3 روپے والا یونٹ آج 285 روپے کا ہے، وزیر توانائی

آئندہ بجلی حکومت نہیں خریدے گی، صارفین براہ راست خریدیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ ایک آئی پی پی کا 2016ء میں 3 روپے والا یونٹ آج 285 روپے کا ہے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کا اجلاس چیئرمین محسن عزیز کی صدارت میں ہوا، جس میں وزیر توانائی اویس لغاری نے بتایا کہ ایک آئی پی پی کا 2016ء میں 3 روپے والا یونٹ آج 285 روپے کا ہے۔ آئندہ بجلی حکومت نہیں خریدے گی، صارفین براہ راست خریدیں گے۔ دوران اجلاس چیئرمین کمیٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

جابرانہ طرز حکومت، بھارتی اثر و رسوخ حسینہ واجد کو لے ڈوبا، سینئر سفراء

شیخ حسینہ احتجاجی مظاہرے روکنے کیلئے ہر طریقہ اپنایا مگر ناکام رہیں، ملیحہ لودھی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے سینئر سفیروں کا کہنا ہے کہ بنگلہ دیش میں 19 سال کے طویل عرصے تک حکومت کرنے والی شیخ حسینہ واجد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6



اسلام آباد، وفاقی وزیر مذہبی امور چوہدری سالک حسین پیغام حج کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

مختصر مدت میں طلبہ کیلئے بائیکس کا وعدہ پورا، مریم نواز شریف کی کم از کم قسط مقرر کرنے کی ہدایت

پنجاب طلبہ کو سہولیات کی فراہمی میں ہمیشہ کی طرح لیڈ کریگا، وقت کی بچت اور سفر میں آسانی طلبہ کی تعلیمی استعداد کار میں بہتری کا سبب بنے گی

طلبہ کیلئے ای بائیک کی بیٹری کی انشورنس اور وارنٹی بھی دی گئی، والدین کے سایہ سے محروم طلبہ کیلئے ای بائیک سکیم میں والدین کی گارنٹی کی شرط ختم، سولرائزڈ چارجنگ سٹیشن قائم کیے جائیں گے، مریم نواز

لاہور (این این آئی) پنجاب پھر لیڈ لے گیا، مختصر مدت میں طلبہ کے لئے بائیکس کا وعدہ پورا کر دیا گیا۔ تاریخ میں پہلی مرتبہ چیف منسٹر یوتھ انیشیٹو کے تحت طلبہ کے لئے ای اور پٹرول بائیکس کی فراہمی کے لئے اقدامات کا آغاز کر دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ای بائیک پراجیکٹ میں قسط کم از کم مقرر کرنے کی ہدایت کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8



کراچی، گورنر سندھ کامران ٹیسوری سے ایف آئی اے سندھ کے ڈائریکٹر نعمان صدیقی ملاقات کر رہے ہیں

خدارا اب بس کر دیں اور کتنے لوگوں کی جانیں لیں گے، مسرت جمشید چیمہ

یہ نہیں کہتی کہ خدانخواستہ بنگلہ دیش کی طرح کے حالات ہوں مگر صورتحال کچھ زیادہ مختلف نہیں



لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ اسد عمر کو دل کی تکلیف کی شکایت ہوئی ہے، میرے شوہر کو بھی ہارٹ کا آپریشن ہوا ہے،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

بہتر ہے شہباز شریف شیخ حسینہ کو فون کر کے راستہ پوچھ لیں، بیرسٹر گوہر

یہ پارلیمنٹ سپریم ضرور ہے لیکن تشریح کا اختیار سپریم کورٹ کو ہے، اسمبلی میں اظہار خیال



اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے شہباز شریف کو مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ بہتر ہے وزیر اعظم بنگلا دیش کی وزیر اعظم کو شیخ حسینہ واجد سے رابطہ کرنے کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

صوابی جلسہ جعلی حکومت کے خاتمے اور عمران خان کی رہائی کی نوید ہے، بیرسٹر سیف

پی ٹی آئی صوابی جلسے نے مینڈیٹ چور سرکار کے خاتمے پر مہر تصدیق ثبت کر دی



پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات بیرسٹر نے کہا ہے کہ صوابی جلسہ جعلی حکومت کے خاتمے اور عمران خان کی رہائی کی نوید ہے، بنگلا دیش کا واقعہ جعلی حکومت کے لیے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9



اسلام آباد، وفاقی وزیر راحسن اقبال اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈیڈلاک ختم ہونے کا امکان، حکومت جماعت اسلامی سے مذاکرات کیلئے پھر تیار

مذاکرات کا تیسرا دور آج ہونے کی توقع ہے، حکومتی ٹیم اور جماعت اسلامی مذاکراتی کمیٹی میں مذاکرات کمشنر آفس میں ہوں گے

مطالبات کی منظوری تک دھرنا جاری رہے گا، 14 اگست کے بعد تاجروں سے مشاورت کے بعد ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان کریں گے، امیر جماعت اسلامی

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) امیر جماعت اسلامی کی دھرنا مارچ کی دھمکی کارگر ثابت ہوگئی،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13



کراچی، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

اسلحہ برآمدگی کیس، رؤف حسن کی درخواست ضمانت منظور

رؤف حسن کے وکلا علی بخاری، علی ظفر، پراسیکیوٹر راجا نوید میں عدالت میں پیش ہوئے، تفتیشی افسر غیر حاضر رہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت نے رہنما پاکستان تحریک انصاف رؤف حسن کے خلاف اسلحہ برآمدگی/ ٹیرر فنانسنگ کیس میں درخواست ضمانت منظور کر لی۔ رؤف حسن کی درخواستِ ضمانت پر سماعت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

اسد عمر کو عدالت میں طبیعت خراب ہونے پر اسپتال منتقل کر دیا گیا

اسد عمر کو کمرہ عدالت میں دل میں تکلیف ہوئی، طبیعت اب خطرے سے باہر ہے، وکیل کی گفتگو

لاہور (این این آئی) سابق پی ٹی آئی رہنما اسد عمر کو انسداد دہشت گردی کی عدالت میں طبیعت خراب ہونے پر اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ اسد عمر کو سینے میں درد ہونے پر اسپتال لے جایا گیا۔ سابق وفاقی وزیر کے وکیل نے کہا کہ اسد عمر کو کمرہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

چینی شہریوں کی حفاظت اولین ترجیح ہے

محسن نقوی

چینی بزنس کمیونٹی کے وفد کی ملاقات، چینی تاجروں نے سیکورٹی پلان کے حوالے سے تجاویز دیں

چینی شہریوں کی سہولت کیلئے جو کچھ ممکن ہوا وہ اقدام کریں گے۔ چینی شہریوں کے لیے 14 اگست سے ویزا آن لائن ہو جائے گا

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ چینی شہریوں کی حفاظت اولین ترجیح

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

چینی قونصل جنرل ژاؤ شیرین کی سربراہی میں چینی بزنس کمیونٹی کے وفد کا وزیر داخلہ محسن نقوی سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو



لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر سے اوورسیز پاکستانی سرمایہ کاروں کے وفد کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

محمود خان اچکزئی نے قومی اسمبلی میں بھارت کیخلاف قرارداد کی مخالفت کر دی

پیپلز پارٹی کے ورکروں نے آئین اور پارلیمنٹ کے لیے قربانیاں دیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے قومی اسمبلی میں بھارت کیخلاف قرارداد کی مخالفت کر دی۔ قومی اسمبلی اجلاس میں محمود خان اچکزئی نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے ورکروں نے آئین اور پارلیمنٹ کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

ایجنسیاں وزیر اعظم آفس کو رپورٹس بھیجتی ہیں اور افسران کو ہٹا دیا جاتا ہے، سلیم مانڈی والا

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی بجائے خزانہ کے چیئرمین سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے کہا ہے کہ ہمیں یہ اطلاع ملی ہے کہ ایجنسیاں وزیر اعظم آفس کو رپورٹس بھیجتی ہیں اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) افسران کو ان کے عہدوں سے ہٹا دیا جاتا ہے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی خزانہ کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

جناح ہاؤس جلاؤ گھیراؤ کیس، سماعت کے دوران بابر اعوان اور عظمیٰ خان کی جج سے بحث

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور میں جناح ہاؤس جلاؤ گھیراؤ کے کیس میں بانی پی ٹی آئی کی بہنوں سمیت 56 ملزمان کی عبوری ضمانتوں پر سماعت ہوئی۔ سماعت کے دوران بابر اعوان اور عظمیٰ خان کی جج سے بحث ہوگئی۔ پی ٹی آئی کے وکیل بابر اعوان نے سماعت کے دوران کہا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن کی نمائندہ فورنس روے ملاقات کر رہی ہیں

ایس ای سی پی نے جولائی میں 2864 نئی کمپنیاں رجسٹر کیں

ایک ماہ کے عرصے میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں کی سب سے زیادہ تعداد ہے

اسلام آباد (این این آئی) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے جولائی 2024 میں دو ہزار آٹھ سے چونسٹھ (2864) نئی کمپنیاں رجسٹر کیں، جو گذشتہ سال کے اسی مہینے سے 25 فیصد زائد ہیں اور ایک ماہ کے عرصے میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

جناح ہاؤس جلاؤ گھیراؤ کیس، عمر ایوب، اسد عمر سمیت دیگر کی عبوری ضمانتوں میں توسیع

انسداد دہشت گردی عدالت نے 2، 2 لاکھ روپے مچلکوں کے عوض 14 ملزمان کی عبوری ضمانتیں کنفرم کر دیں

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے 9 مئی کو جناح ہاس جلاگھیرا کے مقدمے میں سابق وفاقی وزیر اسد عمر، پی ٹی آئی رہنما عمر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

رانا تنویر حسین سے کوریا پروگرام برائے بین الاقوامی زراعت کے وفد کی ملاقات، مختلف امور پر غور

سیڈ پوٹو کمپلیکس کا افتتاح بدھ کو پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل میں ہوگا، وفاقی وزیر کی بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے کوریا پروگرام برائے بین الاقوامی زراعت کے وفد نے ملاقات کی۔ وفد کی قیادت پاکستان میں جمہوریہ کوریا کی سفیر پارک کی جون کر رہی تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

اپنے شہریوں اور خصوصاً زیر تعلیم طلبہ سے رابطے میں ہیں، پاکستانی ہائی کمشنر

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلا دیش میں پرتشدد مظاہروں اور وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد کے استعفیٰ کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال کے دوران بنگلا دیش میں پھنسے پاکستانی شہریوں اور طلبہ سے متعلق پاکستانی ہائی کمشنر سید احمد معروف نے کہا ہے کہ اپنے شہریوں اور خصوصاً زیر تعلیم طلبہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

صدر مملکت سے ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ملاقات، مجموعی معاشی و امان کی صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری سے ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی غلام مصطفیٰ شاہ نے ملاقات کی، اس دوران ملک کی مجموعی معاشی و امن وامان کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

حکومت نے ایف بی آر کے نئے سربراہ کی تلاش کے لیے کوششیں تیز کر دیں

ان لینڈ ریونیو سروس سے تین، کسٹمز گروپ کے دو، پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے ایک افسر کا نام زیر غور

لاہور (این این آئی) فاقی حکومت نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے نئے سربراہ کی تلاش کے لیے کوششیں تیز کر دیں۔ ایف بی آر کے موجودہ چیئرمین امجد زبیر ٹوانہ ریٹائرمنٹ کی عمر کو پہنچنے سے 6 ماہ پہلے ہی عہدے سے سبکدوش ہونے کیلئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

خلیل الرحمان قمر ہتک ٹریپ کیس، وکلاء سے دلائل، پولیس سے مکمل ریکارڈ طلب

عدالت نے ملزمہ کی درخواست ضمانت پر کارروائی 10 اگست تک ملتوی کر دی

لاہور (این این آئی) خلیل الرحمان قمر کو ہتک ٹریپ کرنے کے مقدمہ میں عدالت نے آئندہ سماعت پر وکلاء کو دلائل کیلئے طلب کر لیا۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت ملزمہ آمنہ عروج کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی۔ خلیل الرحمان قمر کے نئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

عمران بنگلہ دیش کے حالات سے سبق حاصل کریں، حافظ نعیم الرحمن

11 تاریخ کو لاہور، 12 کو پشاور میں عوامی دھرنے ہوں گے، 14 اگست کے بعد ملک بھر میں ہڑتال کی کال دیں گے

جماعت اسلامی پرامن سیاسی مزاحمت کے ذریعے جدوجہد کو جاری رکھے گی، عام آدمی کا مقدمہ لڑیں گے، میڈیا سے گفتگو

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ 8 اگست کو مری روڈ سے آگے کی طرف بڑھیں گے، تفصیلات سے آج (بدھ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19



لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن راولپنڈی دھرنے کے 12 ویں روز پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کی مینار پر جلسے کی اجازت کیلئے درخواست پر فریقین سے جواب طلب

آپ کسی کو سیاسی ایکٹیویٹی سے کیسے روک سکتے ہیں، آپ نے جلسوں کے حوالے سے کوئی پالیسی بنائی ہے؟ انتظامیہ سے استفسار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کی 14 اگست کو مینار پاکستان پر جلسے کی اجازت کیلئے درخواست پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

پی ٹی آئی مخصوص نشت کیس میں فریق نہیں تھی پھر بھی ریلیف دیا گیا، بلال اظہر کیانی

فیصلے غلط بھی ہو سکتے ہیں اور میرے نزدیک یہ ایک ایسا فیصلہ ہے جو درست نہیں ہے اور آئین سے متصادم ہے

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف مخصوص نشستوں کے کیس میں فریق نہیں تھی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

عمران خان کو بین الاقوامی قوانین کے مطابق جیل سہولیات دینے کی درخواست پر سماعت ملتوی

عدالت نے سابق وزیر اعظم کو جیل میں میسر اور غیر میسر سہولیات کی پچھلے دو ہفتوں کی رپورٹ طلب کر لی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کو اڈیالہ جیل میں عالمی معاہدوں اور جیل رولز کے مطابق سہولیات دینے کی درخواست پر سماعت 22 اگست تک ملتوی کر دی۔ اسلام آباد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

خیبر پختونخوا؛ سرکاری ملازمین کے اغوا اور آئی ڈی حملوں کا خدشہ

مراسلے میں تمام سرکاری اداروں کی گاڑیوں کی نمبر پلیٹ تبدیل کرنے سمیت سفر کے اوقات میں تبدیلی لانے کی ہدایت

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں سرکاری ملازمین کے اغوا اور آئی ای ڈی حملوں کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ ڈی آئی خان میں ٹانک روڈ پر گزشتہ دنوں ججز کے قافلے پر حملے کے بعد مزید حملوں کا خدشہ ہے، اس حوالے سے محکمہ داخلہ میں باضابطہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

بانی پی ٹی آئی کو کوئی بتائے مکافات عمل بے رحم ہوتا ہے

خواجہ آصف

اقتدار سے بے دخل ہونے والے ایک شخص نے افواج پاکستان کے اتحاد کے خلاف بغاوت کرائی، انٹرویو

جب تک 9 مئی کا معاملہ حل نہیں ہوتا قطعاً مذاکرات نہیں ہو سکتے، 9 مئی کے واقعات میں ملوث افراد کو آج بھی قانون کا سہارا مل رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ بنگلہ دیشی عوام نے فیصلہ دیا کہ غدار کون ہے اور کون تھا، مجیب الرحمان کے مجسموں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

پنجاب بھر کی جیلوں میں نادار قیدیوں کو مفت لیگل ایڈ کی فراہمی

صوبہ بھر کی تمام 43 جیلوں میں فری لیگل ایڈ (قانونی امداد) کمیٹیاں قائم کردی گئی ہیں

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب بھر کی جیلوں میں نادار قیدیوں کو مفت لیگل ایڈ (قانونی مدد) کی فراہمی شروع کردی گئی ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق صوبہ بھر کی تمام 43 جیلوں میں فری لیگل ایڈ (قانونی امداد) کمیٹیاں قائم کردی گئی ہیں، فری لیگل ایڈ کمیٹیاں پنجاب بار کونسل اور ضلعی بار ایسوسی ایشنز کے اشتراک سے تشکیل دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نادار اسیران جو مقدمات کی پیروی کیلئے وکیل کا انتظام نہیں کرسکتے انہیں فری لیگل ایڈ ملے گی، مستحق اسیران اپنے متعلقہ سپرنٹنڈنٹ جیل کو درخواست دیں گے جنہیں وکلاء سے فوراً ملوایا جائے گا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ پنجاب بھر میں کل 447 وکلاء کو فری لیگل ایڈ کمیٹیوں میں شامل کیا گیا ہے، لاہور ڈویژن میں 45، گوجرانوالہ ڈویژن میں 90، راولپنڈی میں 70 وکلاء شامل ہیں۔ ای ڈی جیل آباد ڈویژن میں 47، ملتان میں 45، سرگودھا میں 24 وکلاء کمیٹیوں میں شامل ہیں جبکہ بہاولپور ڈویژن سے 55، ساہیوال سے 55، ڈی جی خان سے 16 وکلاء کو فری لیگل ایڈ سیل میں شامل کیا گیا ہے۔



ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی پرائس کنٹرول کے سربراہ ایم پی اے غزالی بٹ اور ڈپٹی کمشنر لاہور رافعہ حیدر کی زیر صدارت پرائس کنٹرول پر اہم اجلاس منعقد ہوا

ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی پرائس کنٹرول کے سربراہ ایم پی اے غزالی بٹ کی زیر صدارت نادر ہال ڈی سی آفس میں پرائس کنٹرول پر اہم اجلاس

ڈی سی لاہور رافعہ حیدر نے پرائس کنٹرول سرگرمیوں سے متعلق آگاہ کیا کیا

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق شہریوں کو اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں ریلیف فراہم کرنا اولین ترجیح ہے: ڈی سی لاہور رافعہ حیدر

لاہور (خبر نگار) صوبائی دارالحکومت میں ڈاکوؤں اور چوروں نے شہر کے مختلف علاقوں میں وارداتوں کے دوران شہریوں کو لاکھوں روپے مالیت کی نقدی، طلائی زیورات، موبائل فونز اور دیگر قیمتی اشیاء سے محروم کردیا، تفصیلات کے مطابق گلشن راوی کے علاقے میں نامعلوم چور اوریس کے گھر کے تالے توڑ کر الماریوں میں موجود 3 تولے سونا اور 15 ہزار نقدی چرا کر فرار ہوئے مالکانہ منڈی کے علاقے میں شہزاد کے گھر سے ڈاکو کن پوائنٹ پر 3 لاکھ 75 ہزار روپے نقدی لوٹ کر فرار ہوگئے جبکہ بھائی گیٹ، سبزہ زار، رائیونڈ، جوہر ٹاؤن، لوئر مال، شادمان سے موٹر سائیکلیں چوری ہوگئیں۔



ڈی سی لاہور رافعہ حیدر کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر شہر میں جاری ڈینگی سرگرمیوں کا جائزہ لے رہے ہیں

مون سون بارشیں، بدلتا موسم، ضلعی انتظامیہ کی انسداد ڈینگی سرگرمیاں جاری

مون سون بارشیں، بدلتا موسم، ضلعی انتظامیہ کی انسداد ڈینگی سرگرمیاں جاری

لاہور (خبر نگار) مون سون بارشیں، بدلتا موسم، ضلعی انتظامیہ لاہور کی انسداد ڈینگی سرگرمیاں جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں 1589 مقامات سے ڈینگی لاروا برآمد ہوا، گزشتہ 24 گھنٹوں میں 1474 ٹوئمر جاری، 115 مقدمات کا اندراج کیا گیا۔ رواں سال اب تک 46079 ٹوئمر، 2265 مقدمات کا اندراج کیا جا چکا ہے۔ 368-23



سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، حضرت داتا بخش کے 981 ویں سالانہ عرس انتظامات کے سلسلے میں آرڈی نیشن اجلاس کر رہے ہیں

تجاوزات مافیا کے خلاف بلدیہ عظمیٰ لاہور متحرک

ایڈمنسٹریٹر ایم سی ایل رافعہ حیدر کی ہدایت پر شہر میں انسداد تجاوزات آپریشن جاری

لاہور (خبر نگار) تجاوزات مافیا کے خلاف بلدیہ عظمیٰ لاہور متحرک۔ ایڈمنسٹریٹر ایم سی ایل رافعہ حیدر کی ہدایت پر شہر میں انسداد تجاوزات آپریشن جاری ہے۔ چیف آفیسر علی عباس بخاری کی زیر نگرانی تمام زونز میں بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق تمام زونز میں ہینڈز، سٹریمرز بنائے گئے۔ ڈی جی لاہور رافعہ حیدر نے ہدایت کی ہے کہ انسداد تجاوزات کارروائیوں کے دوران کسی بھی شہری کو ہراساں نہ کیا جائے، شہریوں کو آسانیاں فراہم کی جائیں۔ ڈی جی لاہور رافعہ حیدر نے کہا کہ انسداد تجاوزات کارروائیوں کے دوران 117 سے زائد عارضی تجاوزات کا سامان ضبط کیا گیا۔ ضبط شدہ سامان بلدیہ عظمیٰ کے کولڈ اسٹور میں جمع کروایا گیا۔ شالیمار زون، عالمہ اقبال زون، داتا گنج بخش زون اور راوی زون میں انسداد تجاوزات کارروائیاں کیں گئیں۔ شہری اہم شاہراہوں اور علاقوں سے 214 بینرز اور سٹریمرز ہٹائے گئے۔ عارضی تجاوزات کے خاتمے سے ٹریفک روانی میں واضح بہتری آئی ہے۔ شہری اہم شاہراہوں اور مارکیٹوں میں تجاوزات کے اجازت ہرگز نہیں دی جائے گی۔ فٹ پاتھ اور سڑکوں پر غیر قانونی تعمیرات کے خلاف آپریشن جاری ہے۔ تجاوزات کے خاتمے کے لیے تمام زونز میں پراپر شیئر جاری رہیں گے۔ زونل افسران کی جانب سے مخصوص حدود میں کارروائی کے لئے لائن مارکنگ کی نگرانی بھی جاری ہے۔ شہری تجاوزات کے خاتمے کے لیے بھرپور تعاون کریں، عدالت عظمیٰ کے حکم پر تجاوزات کے خاتمے کے لیے شہری کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی۔ ڈی جی لاہور رافعہ حیدر نے کہا کہ شہری کی شکایت کی صورت میں ہمارے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر رابطہ کرسکتے ہیں۔



ایڈمنسٹریٹر ایم سی ایل رافعہ حیدر کی ہدایت پر بلدیہ عظمیٰ لاہور تجاوزات مافیا کی سرکوبی کیلئے متحرک

ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1201 ٹریفک حادثات سے 732 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے ذریعے ہسپتالوں منتقل کیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1201 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 551 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر ترجیحی بنیادوں پر ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے ذریعے ہسپتالوں منتقل کیا گیا۔ 732 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے ذریعے حادثہ پر ہی بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد 76 (موٹر سائیکل) حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی روک تھام کو یقینی بنانے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی سے گریز کیا جائے۔ ریسکیو 1122 کے ترجمان کے مطابق ان حادثات میں 725 ڈرائیور، 50 کم عمر ڈرائیور، 407 مسافر اور 159 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ ان حادثات سے ظاہر ہوتا ہے کہ 273 ٹریفک حادثات کی فون کالز اور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 313 حادثات کے ساتھ پہلے فیصل آباد 77 حادثات کے ساتھ دوسرے، ملتان 68 حادثات کے ساتھ تیسرے، گوجرانوالہ 78 حادثات کے ساتھ چوتھے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1291 متاثرین میں 1067 مرد اور 224 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 730 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم 309 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 383 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات میں 1125 موٹر سائیکلز، 55 ٹرکوں، 122 کاریں، 23 وین 9 سوزوکی بسیں، 7 ٹرک اور 84 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں۔

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے اہلکاروں کے خلاف کارروائی کا فیصلہ

پلس افسران اور اہلکار کسی بھی گاڑی میں ہوں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر جرمانہ ہوگا، مراسلہ

لاہور (این این آئی) محکمہ پولیس پنجاب کی جانب سے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کی اطلاعات موصول ہونے کے بعد اب افسران اور اہلکاروں کا بھی ٹریفک چالان کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس ایس پی سٹی ہیڈ کوارٹر زید شفتر شاہ کی جانب سے مراسلہ جاری کر دیا گیا جس میں کہا گیا ہے کہ ہر ڈی پی او ہیڈ کوارٹر زید شفتر شاہ کی جانب سے مراسلہ جاری کر دیا گیا جس میں کہا گیا ہے کہ ہر ڈی پی او ہیڈ کوارٹر زید شفتر شاہ کی جانب سے مراسلہ جاری کر دیا گیا جس میں کہا گیا ہے کہ باوردی اہلکار اور دیگر سٹاف کے خلاف ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر کارروائی ہوگی، پولیس اہلکار سرکاری اور پرائیویٹ گاڑیوں میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرتے دیکھے گئے۔ یہ اہلکار ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرتے کے محکمے کی بدنامی کا باعث بنے رہے، اطلاعیہ میں کہا گیا کہ پولیس افسران اور اہلکار کسی بھی گاڑی میں ہوں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر جرمانہ ہوگا۔ تمام اضلاع کے ٹریفک افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ باوردی اہلکار اور دیگر سٹاف کے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر کارروائی کریں۔

سیکرٹری محکمہ پبلک پراسیکیوشن محمد عثمان انور تبدیل

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے سیکرٹری محکمہ پنجاب پبلک پراسیکیوشن محمد عثمان انور کو تبدیل کر کے محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کی رپورٹ کرنے کے احکامات جاری کر دیے ۔ اس ضمن میں محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔

چینی کی ایکس مل قیمتیں حکومت کی طے شدہ حد 140 روپے فی کلوگرام سے تجاوز نہیں ہوگیں، شوگر ملز ایسوسی ایشن

اگلے کرشنگ سیزن کے شروع ہونے میں 60 سے 90 دن باقی، حکومت 15 لاکھ ٹن سرپلس چینی کی جلد برآمد کی اجازت دے

لاہور (این این آئی) پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن (پنجاب زون) نے اقتصادی رابطہ کمیٹی کے سامنے پنجاب مارکیٹ سے چینی کی بڑھتی قیمتوں میں مزید کوئی اضافے پر میڈیا میں چلنے والی بعض خبروں کے حوالے سے وضاحت جاری کی ہے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ چینی کی ایکس مل قیمتیں حکومت کی طے شدہ 140 روپے فی کلوگرام سے متجاوز نہیں ہوئی ہیں جبکہ کم کم اگست 2024 کو ہونے والے چینی کی برآمد کی نگرانی کے حوالے سے کابینہ کمیٹی کے اجلاس میں یہ بھی کہا گیا تھا اور جس کی بنا پر ہی ملز ایسوسی ایشن نے اضافے کی وجہ نہیں بنی کی حتمی اور اصولی حکومتوں سے تصدیق ہونے کے بعد وزارت صنعت و پیداوار کی طرف سے اسے سراہا گیا۔ شوگر ملز ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ اگلے کرشنگ سیزن کے شروع ہونے میں 60 سے 90 دن باقی ہیں، حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ 15 لاکھ ٹن سرپلس چینی کی جلد برآمد کی اجازت دے دی جائے تاکہ گنے کے کاشتکاروں کی توقعات پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کر رہی ہے تاہم زیر بار زمینوں، مہنگے ترین انٹرسٹ کی کنٹرول سے باہر ہونے کی وجہ سے کل اپنے وعدے کے عین مطابق چینی کی برآمد کی درخواست کا اعادہ کرتی ہے کہ 15 لاکھ ٹن سرپلس چینی کی جلد برآمد کی اجازت دے دی جائے۔ گنے کے کاشتکاروں کو 236G جس کے تحت اضافے کے اثرات کو 52-2 روپے فی کلوگرام تک ایکس مل پر اس پیمنٹ مارک میں شامل کرنے کی ضرورت ہے۔ شوگر انڈسٹری چینی کی پیداواری لاگت میں اضافے کی وجہ سے اربوں روپے کا بھاری نقصان اٹھانے اور فاضل ذخیرے رکھنے پر اضافی اخراجات اور فاضل نقصان پہنچا گا۔

کھلی کچہریوں کے مسلسل انعقاد سے لوگوں کو پولیس پر اعتماد بحال ہوا، فیصل کامران

انصاف کی فراہمی، شہریوں کے مسائل کا تیز تر حل ہماری اولین ترجیح ہے، ڈی آئی جی آپریشنز

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران نے کہا ہے کہ شہریوں کو انصاف کی فراہمی میں پولیس انسپکٹر کلیدی کردار ہے۔ کھلی کچہریوں کے مسلسل انعقاد سے لوگوں کا پولیس پر اعتماد بحال ہوا ہے۔ انصاف کی فراہمی اور شہریوں کے مسائل کا تیز تر حل ہماری اولین ترجیح ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران کیا۔ کھلی کچہری میں مختلف شعبہ جات کے زونل انچارج متعلق رکھنے والے افراد موجود تھے۔ شہریوں نے ڈی آئی جی آپریشنز کے سامنے اپنے مسائل رکھے اور فوری حل کروایا۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے اپنے مسائل کا آنکھوں دیکھا حال بیان کیا۔ محمد فیصل کامران نے موقع پر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ افسران سے کھلی کچہری میں جاری کردہ احکامات بارے تواتر سے فالو اپ لیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سائلین کے مسائل توجہ سے سنے جائیں تاکہ حد تک موقع پر ہی حل ہو جاتے ہیں۔ پولیس افسران خلوص کی سوچ پر شہریوں سے دوستی پیدا کریں۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:30
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

جرمن سائیکلسٹ کے ساتھ واردات کا معاملہ، غفلت برتنے پر ڈولفن اہلکار گرفتار

ترجمان ڈولفن فورس نے بتایا کہ ڈی آئی جی آپریشنز کی ہدایت پر فوجداری اور محکمانہ کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) جرمن سائیکلسٹ کے ساتھ واردات کے معاملے میں بروقت رپورٹنگ نہ کرنے اور غفلت برتنے پر ڈولفن فورس اہلکاروں کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ترجمان ڈولفن فورس کے مطابق جرمن سائیکلسٹ کے ساتھ واردات کے معاملے میں غفلت برتنے پر ڈولفن ٹیم کو پولیس افسران کے حکم پر گرفتار کرنے کا رروائی کا آغاز کیا جا چکا ہے۔ ترجمان ڈولفن فورس نے بتایا کہ ڈی آئی جی آپریشنز کی ہدایت پر فوجداری اور محکمانہ کارروائی کی جائے گی۔ واضح رہے کہ دو روز قبل لاہور میں تھانہ شالیمار کی حدود میں جرمن سائیکلسٹ کو مسلح ڈاکوؤں نے لوٹ لیا تھا، جس کا مقدمہ متعلقہ تھانے میں درج کیا گیا۔ لاہور پولیس کا کہنا تھا کہ برگ فلورین ہی 27 سالہ جرمن سیاح ایئرپورٹ کے قریب کیمپنگ کر رہے تھے کہ اچانک 2 مسلح افراد نے تشدد کا نشانہ بنایا، مسلح افراد ان کا موبائل، نقدی اور 5 لاکھ پاکستانی روپے چھین کر فرار ہو گئے۔



پاکستان سٹی تحریک راوی ٹاؤن فیروز شاہدرہ کی ٹی ہاؤی کے عہدیداروں کا علامہ ریاض ہزاروی کے ہمراہ گروپ فوٹو

صوبائی وزیر عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت لائیوسٹاک ڈیپارٹمنٹ میں اجلاس

وزیر اعلیٰ پنجاب کے لائیوسٹاک کی ترقی کے لیے منظور شدہ منصوبوں پر پیشرفت کا جائزہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر لائیوسٹاک و زراعت سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت لائیوسٹاک ڈیپارٹمنٹ میں اہلکاروں محمد جاوید اور محمد نعیم کی وزیر اعلیٰ پنجاب کے لائیوسٹاک کی ترقی کے لیے منظور شدہ منصوبوں پر پیشرفت رفتار کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پنجاب لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ اور پنجاب ایگریکلچر اینڈ میٹ کمپنی کے منصوبوں پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں پنجاب لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ اور پنجاب ایگریکلچر اینڈ میٹ کمپنی کے حکام نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت لائیوسٹاک کی ترقی کے لیے کام کر رہے ہیں۔ پنجاب

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور (3) 7 اگست 2024ء

یوم آزادی پر راولپنڈی سے لاہور آزادی فلوٹ چلانے کا فیصلہ

آزادی فلوٹ 10 اگست کو راولپنڈی سے نکلے گا اور جہلم، گجرات، گوجرانوالہ سے ہوتا ہوا 14۔اگست کو لاہور پہنچے گا گوجرانوالہ میں آزادی فلوٹ 12 اگست کو شام 07 بجے پہنچے گا

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) صوبائی وزیر اطلاعات ونشریات پنجاب میڈم عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ یوم آزادی کو پر جوش طریقے سے منانے کے لیے 10 اگست کو راولپنڈی سے لاہور کی جانب 14 اگست کے روز آزادی فلوٹ چلانے کا فیصلہ کیا ہے، آزادی فلوٹ 10 اگست کو راولپنڈی سے نکلے گا اور جہلم، گجرات، گوجرانوالہ سے ہوتا ہوا 14۔اگست کو لاہور پہنچے گا گوجرانوالہ میں آزادی فلوٹ 12 اگست کو شام 07 بجے پہنچے گا۔ آزادی فلوٹ میں پاکستان کے تمام صوبوں اور پاکستان کی تمام اکائیوں کی نمائندگی ہوگی اور مینار پاکستان، مزار قائد، قائد اعظم ریزیڈنسی کوئٹہ، غنیر پاس، گلگت اور آزاد کشمیر کے ثقافتی رنگ بھی اس فلوٹ پر نظر آئیں گے ۔ فلوٹ میں تحریک آزادی سے متعلق ڈاکومینٹریز، قائد اعظم محمد علی جناح کی تقاریر اور ملی نغمے چلائے جائیں گے اور اس کے علاوہ مقامی گلوکار بھی پرفارم کریں گے۔فلوٹ کے لاہور پہنچنے پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور سابق وزیر اعظم میاں نواز شریف بھی خطاب کریں گے۔صوبائی وزیر اطلاعات و نشریات میڈم عظمیٰ بخاری نے کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی کو کہا کہ فلوٹ کی ان کے اضلاع میں آمد سے قبل مقامی ممبران قومی وصوبائی اسمبلی اور وفاقی وصوبائی وزراء کو بھی آن بورڈ کیا جائے اور اس کے علاوہ آزادی فلوٹ کے



گوجرانوالہ: کمشنر نوید حیدر شیرازی صوبائی وزیر اطلاعات ونشریات پنجاب میڈم عظمیٰ بخاری ویڈیو لنک برائے آزادی مارچ (راولپنڈی سے لاہور میں دیگر کمشنرز کے ہمراہ شریک ہیں۔

حوالے سے بھرپور آگاہی تشہیر بھی کی جائے۔آزادی فلوٹ کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کے لیے صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کی زیر صدارت ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا جس میں کمشنر نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر محمد طارق قریشی نے دیگر اضلاع کے کمشنرز و ڈپٹی کمشنرز کے ہمراہ بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔کمشنر گوجرانوالہ نے کہا کہ آزادی فلوٹ کو گوجرانوالہ پہنچنے پر گرم جوشی سے استقبال کیا جائے گا اور انہیں فلوٹ کے ہمراہ آنے والے مہمانوں کی بھرپور مہمان نوازی کی جائے گی۔کمشنر نے یوم آزادی کی تقریبات کے حوالے سے آج 06 اگست کو اجلاس طلب کرلیا۔



گوجرانوالہ: سیدر مدعلی آزادی فلوٹ کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس کی صدارت کررہی ہی۔

آئل ایجنسیوں اور غیر قانونی گیس ریفیلنگ کرنے والوں کیخلاف ضلع چنیوٹ کے مختلف پولیس اسٹیشنز کی کارروائی متعدد مقدمات کا اندراج

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) آئل ایجنسیوں اور غیر قانونی گیس ریفیلنگ کرنے والوں کیخلاف ضلع چنیوٹ کے مختلف پولیس اسٹیشنز میں 209 ایف آئی آر کا اندراج کروایا۔کمرشل وانڈسٹری ادارہ جات میں فائر سیفٹی کے انتظامات نہ ہونے کی بناء پر 162 ادارہ جات کے چالان بنائے گئے اور جرمانے کی مد میں تقریبا 755000 روپے قومی خزانے میں جمع کروائے گئے۔

فیروز والا: محکمہ ہیلتھ ڈی ایچ او جام شہزاد اور ڈپٹی ڈرگ آفیسر کنٹرول رانا محمد شاہد کی بڑی کارروائی

فیروز والا (فقیر حسین بھٹی) ڈی سی او شیخوپورہ ڈاکٹر وقار علی خان کی ہدایت پر فیروز والا کے ڈپٹی ہیلتھ آفیسر جام شہزاد اور ڈپٹی ڈرگ انسپکٹر کنٹرول محکمہ ہیلتھ رانا محمد شاہد کی اپنی ٹیموں کے ہمراہ بڑی کارروائی متعدد جعلی ادویات فروخت کرنے والی فیکٹریاں سیل کرنے کے علاوہ متعدد میڈیکل سٹوروں کو بھی سیل کر دیا تفصیلات کے مطابق محکمہ ہیلتھ کے آفیسرز نے عوامی شکایات پر مختلف علاقوں میں چھاپے مار کر بڑی کارروائی کی تحصیل فیروز والا کوٹ عبدالمالک امامیہ کالونی دیگر گردونواح میں جعلی ادویات بنا کر انسانی جانوں سے کھیلنے والے فیکٹری مالکان کے خلاف کاروائی کر کے بھاری جرمانے کیے گئے اور متعدد جعلی ادویات فیکٹریاں سیل کر دیں جبکہ ڈپٹی ایسپکٹر رانا محمد شاہد نے ایم بی بی ایس ڈاکٹروں کے بغیر چلنے والے میڈیکل سٹوروں پر جعلی ادویات فروخت کرنے اور ٹیکے لگانے پر متعدد میڈیکل سٹوروں کو بھی سیل کر کے بھاری جرمانے عائد کر دیے

جماعت اسلامی کا دھرنا حکومت کے درودیوار ہلا دے گا امین اللہ

فیروز والا (فقیر حسین بھٹی) فیروز والا ٹاؤن کمیٹی کہ امیر اور فیروز والا کے صدر امین اللہ نے کہا کہ جماعت اسلامی کے امیر نعیم الرحمن اور ان کی پوری ٹیم اپنی ذات کے لیے دھرنا نہیں دے رہی بلکہ وہ ملک کے پسے ہوئے کروڑوں عوام کے حقوق کی خاطر جنگ رہے ہیں انہوں نے کہا کہ اپنے قائد امیر نعیم الرحمن کی آواز پر کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے جب تک حکومت عوام کو مہنگائی کا خاتمہ اور بجلی کے زخوں میں کمی نہیں کرے گی دھرنا جاری رہے گا۔

دریائے چناب میں نہاتے ہوئے ایک نوجوان ڈوب گیا ریسکیو شورکوٹ کے غوطہ خوروں نے تلاش شروع کردی

شورکوٹ (نمائندہ قوت حاجی گلزار احمد جٹ سے) دریائے چناب میں نہاتے ہوئے ایک نوجوان ڈوب گیا ریسکیو شورکوٹ کے غوطہ خوروں نے تلاش شروع کردی۔تفصیلات کے مطابق دریائے چناب میں نہاتے ہوئے خیرات علی ڈوب گیا مقامی لوگوں نے تلاش وبسار کی لیکن ناکام رہے ریسکیو شور کوٹ کو اطلاع دی گئی جس پر فوراریسکیو ٹیم مقام وقوعہ پر پہنچ گئی اور لاش کی تلاش کا عمل شروع کر دیا تاحال لاش نہ مل سکی ہے

میونسپل کمیٹی کی حدود میں محلہ جات کی گلیوں میں تجاوزات کی بھرمار

جھنگ (بیورو رپورٹ) میونسپل کمیٹی کی حدود میں محلہ جات کی گلیوں میں تجاوزات کی بھرمار شہروں کو گلیوں سے گذرنے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی جھنگ کی حدود میں بستی دیوان والی، سرگودھا روڈ پر واقع رحمان کالونی سمیت دیگر محلہ جات میں لوگوں نے اپنے مکانات کی بھرتیاں اونچی کر کے گیٹ کے سامنے مٹی ڈال کر ٹیلے بنا رکھے ہیں گلیاں پہاڑوں کی شکلیں اختیار کر چکی ہیں مٹی کے ٹیلے کی وجہ سے محلہ جات کا حسن بھی تباہ ہو چکا ہے بارش اور نالیوں کا گندہ پانی گلیوں میں کھڑا رہتا ہے جس سے آئے روز محلہ جات میں لڑائی جھگڑے بھی ہوتے رہتے ہیں اہلیان علاقہ نے ڈی سی جھنگ اور چیف آفیسر بلدیہ جھنگ سے مطالبہ کیا ہے کہ گلیوں میں ناجائز طور پر بنائے گئے ٹیلے ختم کیے جائیں تاکہ لوگوں کو وہاں سے گذرنے میں آسانی ہو۔

دریائے چناب میں نہاتے ہوئے ایک نوجوان ڈوب گیا ریسکیو شورکوٹ کے غوطہ خوروں کے مختلف پولیس اسٹیشنز کی کارروائی متعدد مقدمات کا اندراج

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) آئل ایجنسیوں اور غیر قانونی گیس ریفیلنگ کرنے والوں کیخلاف ضلع چنیوٹ کے مختلف پولیس اسٹیشنز میں 209 ایف آئی آر کا اندراج کروایا۔کمرشل وانڈسٹری ادارہ جات میں فائر سیفٹی کے انتظامات نہ ہونے کی بناء پر 162 ادارہ جات کے چالان بنائے گئے اور جرمانے کی مد میں تقریبا 755000 روپے قومی خزانے میں جمع کروائے گئے۔

فیروز والا: محکمہ ہیلتھ ڈی ایچ او جام شہزاد اور ڈپٹی ڈرگ آفیسر کنٹرول رانا محمد شاہد کی بڑی کارروائی

فیروز والا (فقیر حسین بھٹی) ڈی سی او شیخوپورہ ڈاکٹر وقار علی خان کی ہدایت پر فیروز والا کے ڈپٹی ہیلتھ آفیسر جام شہزاد اور ڈپٹی ڈرگ انسپکٹر کنٹرول محکمہ ہیلتھ رانا محمد شاہد کی اپنی ٹیموں کے ہمراہ بڑی کارروائی متعدد جعلی ادویات فروخت کرنے والی فیکٹریاں سیل کرنے کے علاوہ متعدد میڈیکل سٹوروں کو بھی سیل کر دیا تفصیلات کے مطابق محکمہ ہیلتھ کے آفیسرز نے عوامی شکایات پر مختلف علاقوں میں چھاپے مار کر بڑی کارروائی کی تحصیل فیروز والا کوٹ عبدالمالک امامیہ کالونی دیگر گردونواح میں جعلی ادویات بنا کر انسانی جانوں سے کھیلنے والے فیکٹری مالکان کے خلاف کاروائی کر کے بھاری جرمانے کیے گئے اور متعدد جعلی ادویات فیکٹریاں سیل کر دیں جبکہ ڈپٹی ایسپکٹر رانا محمد شاہد نے ایم بی بی ایس ڈاکٹروں کے بغیر چلنے والے میڈیکل سٹوروں پر جعلی ادویات فروخت کرنے اور ٹیکے لگانے پر متعدد میڈیکل سٹوروں کو بھی سیل کر کے بھاری جرمانے عائد کر دیے

جماعت اسلامی کا دھرنا حکومت کے درودیوار ہلا دے گا امین اللہ

فیروز والا (فقیر حسین بھٹی) فیروز والا ٹاؤن کمیٹی کہ امیر اور فیروز والا کے صدر امین اللہ نے کہا کہ جماعت اسلامی کے امیر نعیم الرحمن اور ان کی پوری ٹیم اپنی ذات کے لیے دھرنا نہیں دے رہی بلکہ وہ ملک کے پسے ہوئے کروڑوں عوام کے حقوق کی خاطر جنگ رہے ہیں انہوں نے کہا کہ اپنے قائد امیر نعیم الرحمن کی آواز پر کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے جب تک حکومت عوام کو مہنگائی کا خاتمہ اور بجلی کے زخوں میں کمی نہیں کرے گی دھرنا جاری رہے گا۔

دریائے چناب میں نہاتے ہوئے ایک نوجوان ڈوب گیا ریسکیو شورکوٹ کے غوطہ خوروں نے تلاش شروع کردی

شورکوٹ (نمائندہ قوت حاجی گلزار احمد جٹ سے) دریائے چناب میں نہاتے ہوئے ایک نوجوان ڈوب گیا ریسکیو شورکوٹ کے غوطہ خوروں نے تلاش شروع کردی۔تفصیلات کے مطابق دریائے چناب میں نہاتے ہوئے خیرات علی ڈوب گیا مقامی لوگوں نے تلاش وبسار کی لیکن ناکام رہے ریسکیو شور کوٹ کو اطلاع دی گئی جس پر فوراریسکیو ٹیم مقام وقوعہ پر پہنچ گئی اور لاش کی تلاش کا عمل شروع کر دیا تاحال لاش نہ مل سکی ہے

میونسپل کمیٹی کی حدود میں محلہ جات کی گلیوں میں تجاوزات کی بھرمار

جھنگ (بیورو رپورٹ) میونسپل کمیٹی کی حدود میں محلہ جات کی گلیوں میں تجاوزات کی بھرمار شہروں کو گلیوں سے گذرنے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی جھنگ کی حدود میں بستی دیوان والی، سرگودھا روڈ پر واقع رحمان کالونی سمیت دیگر محلہ جات میں لوگوں نے اپنے مکانات کی بھرتیاں اونچی کر کے گیٹ کے سامنے مٹی ڈال کر ٹیلے بنا رکھے ہیں گلیاں پہاڑوں کی شکلیں اختیار کر چکی ہیں مٹی کے ٹیلے کی وجہ سے محلہ جات کا حسن بھی تباہ ہو چکا ہے بارش اور نالیوں کا گندہ پانی گلیوں میں کھڑا رہتا ہے جس سے آئے روز محلہ جات میں لڑائی جھگڑے بھی ہوتے رہتے ہیں اہلیان علاقہ نے ڈی سی جھنگ اور چیف آفیسر بلدیہ جھنگ سے مطالبہ کیا ہے کہ گلیوں میں ناجائز طور پر بنائے گئے ٹیلے ختم کیے جائیں تاکہ لوگوں کو وہاں سے گذرنے میں آسانی ہو۔

دریائے چناب میں نہاتے ہوئے ایک نوجوان ڈوب گیا ریسکیو شورکوٹ کے غوطہ خوروں نے تلاش شروع کردی

شورکوٹ (نمائندہ قوت حاجی گلزار احمد جٹ سے) دریائے چناب میں نہاتے ہوئے ایک نوجوان ڈوب گیا ریسکیو شورکوٹ کے غوطہ خوروں نے تلاش شروع کردی۔تفصیلات کے مطابق دریائے چناب میں نہاتے ہوئے خیرات علی ڈوب گیا مقامی لوگوں نے تلاش وبسار کی لیکن ناکام رہے ریسکیو شور کوٹ کو اطلاع دی گئی جس پر فوراریسکیو ٹیم مقام وقوعہ پر پہنچ گئی اور لاش کی تلاش کا عمل شروع کر دیا تاحال لاش نہ مل سکی ہے

میونسپل کمیٹی کی حدود میں محلہ جات کی گلیوں میں تجاوزات کی بھرمار

جھنگ (بیورو رپورٹ) میونسپل کمیٹی کی حدود میں محلہ جات کی گلیوں میں تجاوزات کی بھرمار شہروں کو گلیوں سے گذرنے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی جھنگ کی حدود میں بستی دیوان والی، سرگودھا روڈ پر واقع رحمان کالونی سمیت دیگر محلہ جات میں لوگوں نے اپنے مکانات کی بھرتیاں اونچی کر کے گیٹ کے سامنے مٹی ڈال کر ٹیلے بنا رکھے ہیں گلیاں پہاڑوں کی شکلیں اختیار کر چکی ہیں مٹی کے ٹیلے کی وجہ سے محلہ جات کا حسن بھی تباہ ہو چکا ہے بارش اور نالیوں کا گندہ پانی گلیوں میں کھڑا رہتا ہے جس سے آئے روز محلہ جات میں لڑائی جھگڑے بھی ہوتے رہتے ہیں اہلیان علاقہ نے ڈی سی جھنگ اور چیف آفیسر بلدیہ جھنگ سے مطالبہ کیا ہے کہ گلیوں میں ناجائز طور پر بنائے گئے ٹیلے ختم کیے جائیں تاکہ لوگوں کو وہاں سے گذرنے میں آسانی ہو۔

خالد وسیم ایڈووکیٹ کی خدمات قابل تحسین ہیں، گلشیر بٹ ایڈووکیٹ

خالد وسیم ایڈووکیٹ کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، عرفان یوسف مغل ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) معروف ادیب ودانشور گلشیر بٹ ایڈووکیٹ، سابق جنرل سیکرٹری سمبڑیال بار ایسوسی ایشن عرفان یوسف مغل ایڈووکیٹ، ڈویژنل صدر انٹرنیشنل لائرز ایسوسی ایشن انتظار احمد گھمن ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی خدمت اور سیاست کے دائرے کو وسیع تر ہونا چاہیے مقامی سطح پر جس طرح انہوں نے سیاسی و سماجی خدمات کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے اقدام کیے ہیں وہ قابل قدر اور قابل تحسین ہیں اب وقت کا تقاضا ہے کہ ملکی سطح پر بھی اپنی خدمات کو پیش پیش رکھا جائے موجودہ دور میں جب سیاسی اور سماجی اقدار کی پاسداری کے لیے مثبت اقدام کی ضرورت ہے تو اس کے لیے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کا نام آتا ہے جو تحقیقی معنوں میں قوم وملک کی خوشحالی اور ترقی کے لیے کوشاں رہنے کو ترجیح دیتے ہیں جب ارادے مضبوط اور پرعزم ہوں تو ناہموار راستے بھی ہموار ہو جاتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی رہائش گاہ پر اپنے اعزاز میں دیے گئے ناشتے کی نشست کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا وکلاء کے وفد نے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے اور ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی پھولوں کے گلدستے پیش کیے اور اپنی نیک خواہشات اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ تمام رفقاء اور احباب کے مشکور ہیں جنہوں نے ہمیشہ سیاسی اور سماجی خدمات کے دائرہ کو وسیع تر بنانے کے لیے ہمیں بہت مشاورت سے نوازا ہے قوم کے لیے انقلابی اقدام کرنے کا جذبہ رکھتے ہیں۔

ملک اس وقت جن مشکلات سے دوچار ہے

سیالکوٹ ہیوی مشینری میونسپل کمیٹی کے سپرد

مشینری میں ایکسیویٹر اور ڈمپر شامل ہیں، بعد ازاں صوبائی وزیر نے میونسپل کمیٹی اور میونسپل اسٹیڈیم کے سبزہ زار میں پودا لگ کر مون سون کی شجرکاری مہم 2024 کا افتتاح کیا

ڈسکہ میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا گیا جن کی تکمیل سے ڈسکہ سٹی کے دیرینہ مسائل کا ازالہ ہوگا اور میونسپل سروسز کے معیار میں بہتری سے شہریوں کا معیار زندگی بھی بلند ہوگا، میاں ذیشان رفیق

سیالکوٹ (عامر جاوید سے) صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے خدمات کا معیار بہتر بنانے کیلئے حکومت پنجاب کی جانب سے ہیوی مشینری میونسپل کمیٹی ڈسکہ کے سپرد کر دی ہے، مشینری میں ایکسیویٹر اور ڈمپر شامل ہیں، بعد ازاں صوبائی وزیر نے میونسپل کمیٹی اور میونسپل اسٹیڈیم کے سبزہ زار میں پودا لگ کر مون سون کی شجرکاری مہم 2024 کا افتتاح کیا۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ انور علی کا نجو اور سی او ایم سی ڈسکہ الفت شہزاد بھی موجود تھے۔صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے کہا کہ ڈسکہ میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا گیا جن کی تکمیل سے ڈسکہ سٹی کے دیرینہ مسائل کا ازالہ ہوگا اور میونسپل سروسز کے معیار میں بہتری سے شہریوں کا معیار زندگی بھی بلند ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ڈسکہ سٹی میں سیوریج اور روڈز کی تعمیر کے ساتھ ساتھ پارک، کھیل کے میدان، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ اور اسٹریٹ لائٹس کے منصوبے پر بیک وقت کام جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ تمام ترقیاتی منصوبوں میں معیار کو یقینی بنایا جارہا اور مفاد عامہ میں ان منصوبوں کو مقررہ ٹائم لائن کے اندر مکمل کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ فرض شناس افسران کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جبکہ تساہل اور غفلت کے مرتکب افسران اور عملہ کا کڑا محاسبہ بھی کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق صوبہ بھر کے اضلاع میں دیہی وشہری تقسیم کی تمیز کے بغیر یکساں صفائی ستھرائی کے نظام کو رائج کرنے کیلئے کام کیا جارہا ہے جس سے دیہی علاقوں میں صفائی ستھرائی کی صورتحال میں واضح تبدیلی نظر آئے گی۔

پنجاب: آئی جی ٹریفک کی سٹاف کو متحرک رہنے کی ہدایت

تمام سی ٹی اوز، ڈی ٹی از دوران بارش ٹریفک کی روانی یقینی بنائیں، آئی جی ٹریفک

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پنجاب میں بارشوں/ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک کا ٹریفک سٹاف کو متحرک رہنے کی ہدایت۔۔۔صوبہ بھر۔کی طرح سیالکوٹ میں بھی مون سون بارشوں کا سلسلہ شروع جاری ہے لہذا تمام سی ٹی اوز ڈی ٹی اوز دوران بارش ٹریفک کی بلاتعطل روانی کو یقینی بنائیں اس کو باقاعدہ ایس ایس پی ہیڈ کوارٹرز سید غضنفر علی شاہ مونیٹرنگ سینٹر لاہور" سے ٹریفک کی روانگی کو مونیٹر کررہے ہیں۔ایڈیشنل آئی جی ٹریفک نے ہدایت جاری کی ہے کہ تمام فیلڈ سٹاف کو چھتری اور برساتی مہیا کی جائے۔ٹریفک سٹاف مرکزی سڑکوں، نشیبی علاقوں میں پانی کھڑے ہونے کی اطلاع فوری متعلقہ محکموں کو دیں۔اور ایمرجنسی کی صورت میں دوسرے محکمہ سے مکمل رابطے میں رہے۔ایڈیشنل آئی جی ٹریفک نے تمام سپروائزری سٹاف کو دوران بارش خود فیلڈ میں موجود رہ کر ٹریفک کو رواں دواں رکھنے بارے حکم دیا۔ان کا کہنا تھا کہ لفٹر بریک ڈاؤنز فیلڈ میں ایکٹورہ کر خراب گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کی بروقت مدد کرے۔اور شہری بارشوں کے دوران اپنے بچوں کو برساتی نالوں، بجلی کے کھمبوں اور دیگر نقصانات وہ والی جگہوں سے دور رکھیں اور دوران بارش سڑکوں پر پیدل سفر کرنے والے افراد کا خیال کریں گاڑی کی رفتار کم رکھیں۔

مصطفی آباد: پریس کلب/ پاکستان میڈیا کونسل کا مشترکہ تعزیتی اجلاس

سینئر صحافی چوہدری رشید کی وفات پر اظہار تعزیت اور خدمات کو خراج تحسین پیش

سینئر صحافی آصف محمود بٹ کی والدہ کی وفات پر دعائے مغفرت

مصطفی آباد/لیانی (نمائندہ خصوصی) پریس کلب مصطفی آباد، پاکستان میڈیا کونسل کا مشترکہ تعزیتی اجلاس، اجلاس میں سینئر صحافی چوہدری رشید کی وفات پر جبکہ سینئر صحافی آصف محمود بٹ، عامر محمود بٹ کی والدہ کی وفات پر دعائے مغفرت، تفصیلات کے مطابق پریس کلب مصطفی آباد/لیانی (رجسٹرڈ)، پاکستان میڈیا کونسل، یونین آف جرنلسٹ، الیکٹرونک میڈیا کا مشترکہ تعزیتی اجلاس صدر پریس کلب محمد عمران سلفی کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں سینئر صحافی صوبائی صدر پاکستان میڈیا کونسل پنجاب چوہدری رشید کی وفات اور سینئر صحافی سی ای او ایمرا میڈیا گروپ آصف محمود بٹ، پنجاب ریونیو رپورٹر ایسوسی ایشن کے صدر عامر محمود بٹ کی والدہ کی وفات پر جنرل سیکرٹری سہیل قمر سندھو، سرپرست اعلی ڈاکٹر اصغر علی شہزاد، چیئرمین عمر حیات میو، چیئرمین سپریم کونسل ملک محمد اقبال، سینئر نائب صدر مہر علی مہران، محمد اکمل کھوکھر صدر یونین آف جرنلسٹ، مہر عبدالقیوم چیئرمین یونین آف جرنلسٹ، سیٹھ محمد حسین الیکٹرونک میڈیا، رانا توقیر احمد چیئرمین الیکٹرونک میڈیا، زرار علی خاں، ارشد علی شامی، شاہد عمر، محمد طاہر میو، محمد جمیل سندھو، مہر مراد علی ایڈووکیٹ، ناصر سندھو، چوہدری اشتیاق، جمشید رشید میو، محمد جمیل رحمانی، ارشد علی جوئیہ، حافظ محمد طاہر اقبال، حاجی عبدالقادر، آصف امین، عمر شاہین، مہر صداقت علی، عادل نعمان مہر، ظہیر حسین، مہر عدنان، ملک عاقب و دیگر صحافیوں کی بڑی تعداد نے گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کے لئے مغفرت اور لواحقین کے لئے صبر کی دعا کی۔

پاکستان انجینئرنگ کونسل کے سالانہ انتخابات کے سلسلے میں خصوصی اجلاس

ملک محمد اصغر، حاجی عبدالرزاق قریشی، راؤ خالد محمود، حاجی غلام قادر و دیگر کی شرکت

انجینئر سید اشفاق حسین شاہ کو چیئرمین پاکستان انجینئرنگ کونسل کامیاب کروانیکا فیصلہ

دیپال پور (نامہ نگار) پاکستان انجینئرنگ کونسل کے سالانہ انتخابات 2024 کے سلسلہ میں کنسٹرکٹرز ایسوسی آف پاکستان کا خصوصی اجلاس چوہدری محمد ارشد ڈویژن کو آرڈینیٹر کنٹریکٹر ایسوس ایشن ساہیوال کی زیر صدارت گزشتہ روز اوکاڑہ میں ایک مقامی ریسٹورنٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں ملک محمد اصغر، حاجی عبدالرزاق قریشی، راؤ خالد محمود، حاجی غلام قادر آف ساہیوال، چوہدری محمد قاسم آف پاکپتن، رانا محمد ابراہیم آف اوکاڑہ، مہر ساجد آف اوکاڑہ، چوہدری اختر حمید، مرزا نجم، میاں سلیم چنڈور، میاں قربان آف جمرہ شاہ مقیم، حاجی ظریف خان آف حویلی لکھا، عامر رزاق میغیر پنجاب بنک اوکاڑہ، شاہد شاہ آف اوکاڑہ، ڈاکٹر عثمان، چوہدری عبدالرحمن آف حویلی لکھا، چوہدری اظہر آف جمرہ شاہ مقیم، سمیت تمام کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن اور انجینئرز نے شرکت کی ڈویژن کوارڈینیٹر چوہدری محمد ارشد کی قیادت میں پاکستان انجینئرنگ کونسل کے انتخابات میں امیدوار برائے چیئرمین انجینئر سید اشفاق حسین شاہ کی کمپین کے حوالے سے 18 تاریخ کو ہونے والے الیکشن میں تمام معاملات ترتیب دیے مذکورہ اجلاس میں چوہدری محمد ارشد، ملک کلیم اللہ نے پاکستان انجینئرنگ کونسل کے الیکشن 2024 کے بارے میں تفصیلی گفتگو کی گئی۔اجلاس میں مشترکہ طور پر انجینئر سید اشفاق حسین شاہ کو چیئرمین پاکستان انجینئرنگ کونسل کی بھرپور کامیاب کروانے کا فیصلہ کیا گیا۔اور طے کیا گیا کہ پنجاب بھر کے تمام کنسٹرکٹرز سید اشفاق حسین شاہ کی کمپین انتہائی جذبے اور ولولے کے ساتھ چلائی جائے گی۔

کامیاب ہوا اسمبلیوں میں عوام کے حق کی جنگ لڑیں گے، ارسلان خالد بٹ



جھنگ (بیورو رپورٹ) پاکستان نظریاتی پارٹی کے یوتھ ونگ کے مرکزی صدر ارسلان خالد بٹ نے کہا ہے کہ ان کی جماعت پاکستان کی عوام کو کرپٹ اور مفاد پرست سیاستدانوں کے چنگل سے آزاد کروانے کے لئے وجود میں آئی ہے اور انشاء اللہ کامیاب ہو کر اسمبلیوں میں جا کر ان کے حق کے لئے جنگ لڑیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پریس کلب جھنگ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر پاکستان نظریاتی پارٹی کے مرکزی نائب صدر سردار علیم گھمن، صوبائی صدر پنجاب چوہدری عامر شہزاد رحمانی، ضلعی صدر جھنگ حافظ نعمان عمر، ضلعی جنرل سیکرٹری محمد ارسلان اشرف بھی ان کے ہمراہ تھے۔

گوجرانوالہ: سی آئی اے پولیس نے حسنین ڈکیت گینگ پکڑ لیا

ملزمان کے قبضہ سے 70 ہزار روپے نقدی، موبائل فون اور ناجائز اسلحہ برآمد



گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں ڈکیتوں، چوروں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔انہی احکامات کے پیش نظر انچارج سی آئی اے انسپکٹر عنصر جاوید موہل و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیم نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ڈکیتی اور چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث حسنین ڈکیت گینگ کے دو ارکان کو گرفتار کر کے دوران تفتیش ان کے قبضہ سے ستر ہزار روپے نقدی، موبائل فون اور ناجائز اسلحہ برآمد کرلیا۔ابتدائی تفتیش میں گینگ کے ملزمان نے انکشاف کیا کہ انہوں نے گوجرانوالہ کے مضافات میں ڈکیتی اور چوری کی متعدد وارداتیں کی ہیں۔ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی جاری ہے۔ڈکیتوں اور چوروں کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرنے پر علاقہ مکینوں کا سی آئی اے پولیس کو زبردست خراج تحسین۔اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم کا کہنا ہے کہ ڈکیتوں، چوروں اور مجرمانہ ذہن رکھنے والے سماج دشمن عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹتے ہوئے شہریوں کو امن کی فضا فراہم کریں گے۔

سیالکوٹ: ڈپٹی کمشنر کا بنیادی مرکز صحت کا ہنگامی دورہ

بی ایچ یو مراد پور سٹاف کی حاضری چیک کی، شہریوں سے طبی سہولیات بارے پوچھا

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے مقامی حکام اور سکولوں کے سربراہان کو ہدایت کی گرمیوں کی چھٹیوں سے قبل سکولوں کی واٹنگ اور صفائی ستھرائی کو بہتر بنائیں اور گراؤنڈز اور باغیچوں سے گھاس اور پودوں کی تراش خراش کی جائے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے ڈی جی پی ایچ کے ہمراہ شہر کی مختلف گرین بیلٹس کا دورہ کیا اور مون سون کی شجرکاری کا جائزہ لیا اور ہدایات جاری کیں۔

پنجاب: آئی جی ٹریفک کی سٹاف کو متحرک رہنے کی ہدایت

تمام سی ٹی اوز، ڈی ٹی از دوران بارش ٹریفک کی روانی یقینی بنائیں، آئی جی ٹریفک

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پنجاب میں بارشوں/ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک کا ٹریفک سٹاف کو متحرک رہنے کی ہدایت۔۔۔صوبہ بھر۔کی طرح سیالکوٹ میں بھی مون سون بارشوں کا سلسلہ شروع جاری ہے لہذا تمام سی ٹی اوز ڈی ٹی اوز دوران بارش ٹریفک کی بلاتعطل روانی کو یقینی بنائیں اس کو باقاعدہ ایس ایس پی ہیڈ کوارٹرز سید غضنفر علی شاہ مونیٹرنگ سینٹر لاہور" سے ٹریفک کی روانگی کو مونیٹر کررہے ہیں۔ایڈیشنل آئی جی ٹریفک نے ہدایت جاری کی ہے کہ تمام فیلڈ سٹاف کو چھتری اور برساتی مہیا کی جائے۔ٹریفک سٹاف مرکزی سڑکوں، نشیبی علاقوں میں پانی کھڑے ہونے کی اطلاع فوری متعلقہ محکموں کو دیں۔اور ایمرجنسی کی صورت میں دوسرے محکمہ سے مکمل رابطے میں رہے۔ایڈیشنل آئی جی ٹریفک نے تمام سپروائزری سٹاف کو دوران بارش خود فیلڈ میں موجود رہ کر ٹریفک کو رواں دواں رکھنے بارے حکم دیا۔ان کا کہنا تھا کہ لفٹر بریک ڈاؤنز فیلڈ میں ایکٹورہ کر خراب گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کی بروقت مدد کرے۔اور شہری بارشوں کے دوران اپنے بچوں کو برساتی نالوں، بجلی کے کھمبوں اور دیگر نقصانات وہ والی جگہوں سے دور رکھیں اور دوران بارش سڑکوں پر پیدل سفر کرنے والے افراد کا خی

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

سوشل میڈیائی فدائیوں کے ریٹائرمنٹ کے مشورے

سوشل میڈیا پر کالم پوسٹ ہوجائے تو اس کے نیچے کمنٹ لکھنے والوں میں ہمیشہ تین باتیں افراد زیر بحث آئے، موضوع کو تقطاً نظر انداز کرتے ہوئے پارٹی وفاداری پر ریٹائرمنٹ نامی کمی بیک ہوتی ہے۔ جیسے مجھے گلہ محبوبہ کو اس کی اہمیت کا احساس کرتے ہوئے اخبار کے لیے لکھنے اور ٹی وی پر بولنے سے گریز اختیار کرلینا چاہیے۔

ابتدا ایسے تبصروں کو سرسری نگاہ ڈالنے کے بعد بھلا دیا کرتا تھا۔ بتدریج مگر دل میں یہ خواہش ابھرنا شروع ہوگئی کہ ریٹائرمنٹ کا مشورہ دینے والوں کا کھوج لگایا جائے۔ اس کے لیے ان افراد کے فیس بک وغیرہ پر بنائے اکاؤنٹس میں فراہم کردہ 'شناخت اور تعارف' سے رجوع کیا۔ محض چند گھنٹوں کی تحقیق نے مگر سمجھا دیا کہ ریٹائرمنٹ کا مشورہ دینے والے افراد عام سے مقبول ترین سیاستدان کے گفتار کے غازی مارکہ فدائی ہیں۔ ان سب کو فرداً فرداً اطلاع تھی میں یہ سمجھا کہ وہ محض فدائی ہیں مر مٹنے مجھے مناسب حد تک بڑے ہیں۔ کرشمہ ساز کھلاڑی کی حیثیت سے شروع ہوکر سیاست میں آئے تو بالآخر اگست 2018ء میں وزیراعظم کے منصب پر فائز ہوگئے۔ گزشتہ ایک برس سے جیل میں ہیں لیکن پاکستان کو ایک بار پھر 'زبردست' بنانے کے لیے بے چین ہیں گئے۔ تمام تر مشکلات کے باوجود اگر وہ سیاست سے ریٹائر نہیں ہوتے تو ان قارئین و ناظرین کی جند کیوں چھوڑوں۔ لکھنے کے شوق کے علاوہ میری مجبوری یہ بھی ہے کہ روزی روٹی روز کمانے کی مشقت میں اسیر مزدور جیسا ہوں۔ لکھوں یا بولوں کچھ نہیں تو زندہ کیسے رہوں گا؟

اس اعتراف کی وجہ سے آپ میں سے اکثر کے ذہن میں یہ سوال اٹھ سکتا ہے کہ میں ذاتی کمائی کے خاطر لکھی تحریر کیوں برداشت کی جائے۔ اس کا کلم میں کچھ آپ جیسا ہی ہوں۔ زبان و بیان کے ہنر سے محروم گزرے دور کا رپورٹر اگر کوئی تازہ خبر فراہم نہیں کرسکتا تو اخبار کے صفحات پر کالم کی جگہ بھرنے کے لیے میں آپ کی طرح ہی سیاسی تاریخ کے کسی اہم ترین مرحلے یا شخصیت کے بارے میں کوئی ایسا نقطہ نکالنے کی جستجو کرتا ہوں جو پہلے سے موجود نہ ہو۔ کچھ نیا کہنے کی ذہنی اذیت سے گزرنے کے بعد ہی کچھ لکھنا شروع کرتا ہوں۔ اس عمل کے دوران میں سوچتے ہوئے گھنٹوں صرف کردیتا ہوں کہ دنیا کے کتنے لوگ میرے لکھے کالم کو پڑھنے والوں کے ذہن میں کیا تاثر چھوڑے گا۔ اس کے بعد انہوں نے جماعت اسلامی اور تحریک چلانے والے طالب علم نہیں ہیں، دہشت گردی، خودکش حملوں اور ٹارگٹ کلنگ کے بارے میں سوچتے ہوئے گھنٹوں صرف کردیتا ہوں کہ دنیا کے کتنے لوگ میرے لکھے کالم کو پڑھنے والوں کے بوجھ سے گھبرا کر چھوڑ سکتا تھا۔ گزشتہ دو برس کے دوران مگر اس کالم کے تسلسل میں چند بار وقفے آئے تو عزیزوں کی عیادت اور پرسان حال ہوگئی۔ کئی افراد نے جانے کیسے اور کہاں سے میرا ٹیلی فون نمبر لے کر رابطہ کیا اور میری غیر حاضری کے بارے میں پریشان گمنامی کا اظہار کیا۔ اخبار میں چھپے کالم کو اگر 'لوڈ ویٹ' کے ٹیپ ایڈیشن پر پوسٹ کرنے میں تاخیر ہوجائے تب بھی قارئین کی جی کو صدمہ پہنچنے والی تعداد مضطرب ہوجاتی ہے۔ ان مہربانوں کی وجہ سے اگر اس کالم میں چند ناغوں کا ایک خصوصی گروہ سے جمہوری یاد کو گوئی کا اظہار کرتا ہے۔ ان کی محبت کی وجہ سے ریٹائرمنٹ کے قابل ہوا تب بھی گوشہ نشین ہو پاؤں گا۔

یہ عرض گزارنے کے بعد اطلاع اگر چہ یہ دینی ہے کہ گزشتہ کئی دنوں سے پنجاب سمیت کئی جگہ جارہا ہے کہ اس کالم کا عنوان بدل دیا جائے۔ کیوں؟ اس کا سوال ہوا ہے جس کے نیچے یہ بیان کیا لازمی ہے کہ مجھے دریافت ہوا کہ مونڈی کی راہ پر مرحوم عباس الطاہر صاحب نے تقریباً چالیس برس قبل ہوئے تھے۔ اشاروں کنایوں میں ہماری تمام تر مشکلات کا ذمہ دار ٹھہرایا جارہا ہے۔ ان کے حکم سے قبل صحافتی عمر کے 25 برس میں نے انگریزی اخبارات کے لیے رپورٹنگ کی تھی اور ہمارے ہاں ان کی لے کے عام لکھنا بھی شروع کردیے۔ میرے کالم مگر حالات حاضرہ کی رپورٹنگ نہیں ان پر تبصرہ آرائی تھے۔ اشاروں کنایوں میں تاہم کی محکومت کے خلاف لگائی گیم کا بروقت پول کھولنے کی کوشش کرتا ہوں۔ نواز شریف گھر میں دبائی میں اپنی محکومتی کے دنوں اور اور کے دوران "گستاخیوں" کے شکار ہی رہے۔ شاہ نے زیادہ شاہ کے وفادار ایف اضرور درباری اس رویے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے گستاخوں کو گرفتار اگنے میں پہلو لینے کو ترقی قرار دیتے رہتے۔

مرحوم عباس الطاہر صاحب سے اصرار کرتا رہا کہ 1990ء کی دہائی میں آئی اور گئی نام نہاد "جمہوری" حکومتوں نے مرکار مائی باپ کو بہت ناٹ مکاح بنا دیا ہے۔ حتمہ میں ہفتہ بخوار گرچہ بے دل کی مالک تھیں۔ نواز شریف گھر میں دبائی میں اپنی محکومتی کے دنوں اور اور کے دوران "گستاخیوں" کے شکار ہی رہے۔ شاہ نے زیادہ شاہ کے وفادار ایف اضرور درباری اس رویے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے گستاخوں کو گرفتار اگنے میں پہلو لینے کو ترقی قرار دیتے رہتے۔

مرحوم عباس الطاہر صاحب سے اصرار کرتا رہا کہ 1990ء کی دہائی میں آئی اور گئی نام نہاد "جمہوری" حکومتوں نے مرکار مائی باپ کو بہت ناٹ مکاح بنا دیا ہے۔ حتمہ میں ہفتہ بخوار گرچہ بے دل کی مالک تھیں۔ نواز شریف گھر میں دبائی میں اپنی محکومتی کے دنوں اور اور کے دوران "گستاخیوں" کے شکار ہی رہے۔ شاہ نے زیادہ شاہ کے وفادار ایف اضرور درباری اس رویے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے گستاخوں کو گرفتار اگنے میں پہلو لینے کو ترقی قرار دیتے رہتے۔

بنگلہ دیش بھی غزہ بن گیا

وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد نے اپنے ملک بنگلہ دیش کو "غزہ" بنا ڈالا ہے۔ ایک ایک قانون نافذ کرنے والے دستوں نے صبر و تحمل سے کام نہ لیا اور دستوں نے صبر و تحمل سے کام نہ لیا اور دستوں نے صبر و تحمل سے کام نہ لیا اور



پی سی بی کی بنگلادیشی بورڈ کو ٹیم جلد پاکستان بھجوانے کی پیشکش

واضح رہے کہ بنگلادیش کی موجودہ سیاسی صورتحال کی وجہ سے دو دنوں سے بنگلادیش ٹیم کا میرپور میں ٹریننگ سیشن نہیں ہو سکا تھا

لاہور: (ویب ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے بنگلادیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) کو ٹیسٹ ٹیم جلد پاکستان بھجوانے کی پیشکش کر دی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بنگلادیشی بورڈ کو یہ پیشکش ٹیسٹ ٹیم کی پاکستان میں ٹریننگ کے لیے کی گئی ہے، ٹیسٹ سیریز سے پہلے بنگلادیش ٹیم راولپنڈی میں ٹریننگ کی سہولت سے فائدہ اٹھا سکتی ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ بی سی بی نے تاحال پی سی بی کی پیشکش کا جواب نہیں دیا۔ واضح رہے کہ بنگلادیش کی موجودہ سیاسی صورتحال کی وجہ سے دو دنوں سے بنگلادیش ٹیم کا میرپور میں ٹریننگ سیشن نہیں ہو سکا تھا اور بنگلادیش ٹیم نے شیڈول کے مطابق 17 اگست کو پاکستان پہنچنا ہے۔

بنگلادیش کے خلاف ٹیسٹ سیریز سے قبل کرکٹرز کے فٹنس ٹیسٹ کا فیصلہ

لاہور (محمد بابر سے) پاکستان کرکٹ ٹیم نے بنگلادیش کے خلاف ٹیسٹ سیریز سے قبل کرکٹرز کے فٹنس ٹیسٹ کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ٹیسٹ اسکواڈ کے کھلاڑیوں کو 9 اگست کو طلب کیے جانے کا امکان ہے، قومی کرکٹرز کے فٹنس ٹیسٹ 10 اگست کو ہونے کا امکان ہے، سینٹرل کنٹریکٹ میں شامل دستیاب کھلاڑیوں کو بھی فٹنس ٹیسٹ کے لیے بلایا جائے گا، سینٹرل کنٹریکٹ کا تاحال اعلان نہیں ہوسکا، سینٹرل کنٹریکٹ فٹنس سے مشروط ہوگا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کچھ دستیاب کھلاڑیوں کے فٹنس ٹیسٹ پہلے بھی لیے جاسکتے ہیں، کرکٹرز کے 5 سے 6 مختلف ٹیسٹ ہوں گے، عالمی معیار کے مطابق فٹنس ڈیکلیئر کی جائے گی۔ بنگلادیش اے کے خلاف پہلے 4 روزہ میچ میں ٹیسٹ اسکواڈ کے بعض کھلاڑیوں کو کھلایا جائے گا، فاسٹ بولر نسیم شاہ اور میر حمزہ کو بھی کھلائے جانے کا امکان ہے۔

ساف جونیئر اتھلیٹکس چیمپئن شپ رواں سال 11 ستمبر سے بھارت میں کھیلی جائے گی، محمد اکرم ساہی

اسلام آباد (این این آئی) ساف جونیئر اتھلیٹکس چیمپئن شپ رواں سال 11 ستمبر سے چنائی، بھارت کھیلی جائیگی۔ ساؤتھ ایشیاء اتھلیٹکس فیڈریشن کے چیئرمین میجر جنرل ریٹائرڈ محمد اکرم ساہی نے بتایا کہ چیمپئن شپ میں سات ممالک کی مرد اور خواتین کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جن میں پاکستان سمیت میزبان بھارت، مالدیپ، نیپال، بھوٹان، بنگلہ دیش اور سری لنکا کی ٹیمیں شامل ہیں۔ چیمپئن شپ میں مردوں اور خواتین کے پندرہ، پندرہ کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں۔ مردوں کے ایونٹ میں 100 میٹر ریس، 200 میٹر ریس، 400 میٹر ریس، 800 میٹر ریس، 1500 میٹر ریسیلے شامل ہیں، جبکہ خواتین کے مقابلوں میں 100 میٹر ریس، 200 میٹر ریس، 400 میٹر ریس، 800 میٹر ریس، 1500 میٹر ریس، و دیگر شامل ہیں۔

انگلینڈ کا پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 10 کے میچز کی میزبانی سے انکار



کراچی (این این آئی) انگلینڈ نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 10 کے میچز کی میزبانی سے انکار کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق چند ماہ قبل پی سی بی نے پی ایس ایل 10 کے پلے آف میچز اور فائنل کسی دوسرے ملک میں کرانے کا فیصلہ کیا تھا، اس حوالے سے انگلینڈ کو فیورٹ قرار دیا گیا، فرنچائز مالکان نے جب اخراجات وغیرہ کا استفسار کیا تو انھیں بتایا گیا کہ ایک آفیشل وہاں جا کر معاملات کا جائزہ لیں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ گذشتہ دنوں اونرز کو آگاہ کر دیا گیا کہ انگلینڈ نے میزبانی سے انکار کر دیا ہے، ای سی بی نے اس کی وجہ اپنے میدانوں کا خالی نہ ہونا بیان کی، بعض پی سی بی آفیشلز اب میچز یو اے ای میں کرانے کی تجویز دے رہے ہیں، البتہ مئی میں وہاں ناقابل برداشت گرمی ہوتی ہے، ایسے موسم میں مقابلے کرانا دشوار ہوگا۔ پی ایس ایل 10 کے لیے دس اپریل سے 25 مئی کی مجوزہ تاریخیں سامنے آئی ہیں، انہی دنوں انڈین پریمیئر لیگ بھی جاری ہوگی۔

ڈومیسٹک کرکٹرز کی تنخواہوں میں حیران کن اضافہ

ریڈ بال کیلئے 2 لاکھ، 50 اوور فارمیٹ کیلئے 1 لاکھ 25 ہزار دیے جائیں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے ڈومیسٹک کرکٹرز کی تنخواہوں میں حیران کن اضافہ کر دیا، 'ریڈ بال کیلئے 2 لاکھ، 50 اوور فارمیٹ کیلئے 1 لاکھ 25 ہزار جبکہ ٹی 20 کیلئے 1 لاکھ روپے دیے جائیں گے۔ گزشتہ روز چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے ڈومیسٹک کھلاڑیوں کے معاوضوں اور میچ فیس میں بھی اضافہ کیا۔ ان ٹورنامنٹس میں سینٹرل کنٹریکٹ یافتہ کھلاڑیوں کے علاوہ گزشتہ 3 برس سے مختلف ایونٹس میں پرفارم کرنے والے 150 کرکٹرز بھی ایونٹ میں حصہ لے سکیں گے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے ان کھلاڑیوں کی تنخواہوں میں بھی خاطر خواہ اضافہ کیا ہے۔ سال 2023-24 سیزن کے دوران ان ڈومیسٹک کرکٹرز کو تنخواہوں کی مد میں محض 50 ہزار سے 3 لاکھ روپے کیٹیگری کے حساب سے دیے جاتے تھے۔

نیشنل ویمنز فٹبال کلب چیمپئن شپ، کراچی یونائیٹڈ اور کراچی سٹی سیمی فائنل میں پہنچ گئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد جناح اسپورٹس کمپلیکس میں جاری نیشنل ویمنز فٹبال کلب چیمپئن شپ 2024 میں گروپ اے سے کراچی یونائیٹڈ جب کہ گروپ بی سے کراچی سٹی نے سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا۔ دن کے پہلے میچ میں کراچی یونائیٹڈ نے ہائی لینڈرز کو 2-0 سے شکست دے کر ٹورنامنٹ میں مسلسل دوسری کامیابی حاصل کی۔ کراچی یونائیٹڈ کی جانب سے عمارہ اور سارہ نے ایک ایک گول اسکور کیا۔ دوسرے میچ میں کراچی سٹی ایف سی نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور لیگیسی ڈبلیو ایف سی کو 3-0 سے شکست دی۔ نادیہ خان دوگول کے ساتھ پلیئر آف دی میچ قرار پائیں جب کہ سوہانے ایک گول کیا۔

کھیلوں کی ترقی کیلئے ملک میں کھلاڑیوں کو وسائل اور سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے، حاجی نواب خان

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد سپورٹس ویلفیئر ایسوسی ایشن کے سرپرست حاجی نواب خان نے کہا ہے کہ کھیلوں کی ترقی کے لئے ملک میں کھلاڑیوں کو وسائل اور سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں کھیلوں کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے اور اس ٹیلنٹ کو بروئے کار لانے کیلئے ملک میں کھلاڑیوں کو وسائل اور سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو کھیلوں کی ترقی کے لئے بنیادی ڈھانچے میں تبدیلی کرنی ہوگی اور ملک میں نرسری کی سطح پر کھلاڑیوں کو تیار کیا جائے۔

نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے ہمارے غیر متزلزل عزم اور محنت پر کامن ویلتھ ایئر یوتھ چیمپئن کا ایوارڈ دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) کامن ویلتھ کی سیکرٹری جنرل پیٹریشیا سکاٹ لینڈ نے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے ہمارے غیر متزلزل عزم اور محنت پر کامن ویلتھ ایئر یوتھ چیمپئن کا ایوارڈ دیا۔ میں یہ ایوارڈ وزیراعظم شہباز شریف کے نام کرتا ہوں جنہوں نے قائداعظم کے قول پر عمل کرتے ہوئے پنجاب، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان سمیت پورے ملک میں نوجوانوں کا مستقبل روشن بنانے کے لئے ہمیشہ تاریخی اقدامات کیے۔

بنگلادیش کیخلاف ٹیسٹ سیریز سے قبل کرکٹرز کے فٹنس ٹیسٹ کا فیصلہ

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان کرکٹ ٹیم نے بنگلادیش کے خلاف ٹیسٹ سیریز سے قبل کرکٹرز کے فٹنس ٹیسٹ کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ٹیسٹ اسکواڈ کے کھلاڑیوں کو 9 اگست کو طلب کیے جانے کا امکان ہے، قومی کرکٹرز کے فٹنس ٹیسٹ 10 اگست کو ہونے کا امکان ہے، سینٹرل کنٹریکٹ میں شامل دستیاب کھلاڑیوں کو بھی فٹنس ٹیسٹ کے لیے بلایا جائے گا، سینٹرل کنٹریکٹ کا تاحال اعلان نہیں ہوسکا، سینٹرل کنٹریکٹ فٹنس سے مشروط ہوگا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کچھ دستیاب کھلاڑیوں کے فٹنس ٹیسٹ پہلے بھی لیے جاسکتے ہیں، کرکٹرز کے 5 سے 6 مختلف ٹیسٹ ہوں گے، عالمی معیار کے مطابق فٹنس ڈیکلیئر کی جائے گی۔ بنگلادیش اے کے خلاف پہلے 4 روزہ میچ میں ٹیسٹ اسکواڈ کے بعض کھلاڑیوں کو کھلایا جائے گا، فاسٹ بولر نسیم شاہ اور میر حمزہ کو بھی کھلائے جانے کا امکان ہے۔

بھارت کے سابق کرکٹر ونود کامبلی کی صحت خراب ہوگئی



نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے سابق کرکٹر ونود کامبلی کی صحت خراب ہوگئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 52 سالہ ونود کامبلی کی ایک ویڈیو سامنے آئی ہے جس میں دیکھا جاسکتا ہے کہ وہ چل نہیں پارہے اور چلنے کے لیے انہیں لوگوں کا سہارے لینا پڑ رہا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ونود کامبلی کافی عرصے سے صحت کے مسائل کا شکار ہیں لیکن اب یہ نئی ویڈیو سامنے آنے کے بعد ان کے مداحوں نے کافی تشویش کا اظہار کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کچھ سوشل میڈیا صارفین نے ویڈیو دیکھ کر قیاس آرائی کی کہ وہ نشے میں تھے جبکہ بہت سے لوگوں کا کہنا تھا کہ وہ کچھ عرصے سے بیمار ہیں اور ان کی بگڑتی ہوئی صحت کے نتیجے میں وہ صحیح طرح سے چلنے پھرنے سے قاصر ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ونود کامبلی نے اپنے کیریئر کے دوران 100 سے زائد ون ڈے انٹرنیشنل اور 17 ٹیسٹ میچز کھیلے ہیں۔

جب ڈیبیو میچ میں وہ کارکردگی دکھانے میں ناکام رہا تو انوشکا شرما اور ویرات سہارا بنے، کے ایل راہول

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے ہارڈ ہٹر کے ایل راہول نے ایک مرتبہ انکشاف کیا کہ جب ڈیبیو میچ میں وہ کارکردگی دکھانے میں ناکام رہے تھے تو بھارتی اداکارہ اور ویرات کوہلی کی اہلیہ انوشکا شرما ان کے کمرے میں آئی تھیں اور ان کا سہارا بنے تھے۔ کے ایل راہول نے اپنا ٹیسٹ ڈیبیو 2014 میں آسٹریلیا کے خلاف میلبرن کرکٹ گراؤنڈ میں کیا تھا لیکن یہ کوئی خاص ڈیبیو ثابت نہ ہوا کیونکہ راہول صفر پر آؤٹ ہوگئے تھے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ انوشکا شرما ہی تھیں جو ان کے ساتھ کھڑی تھیں، کے ایل راہول نے بتایا ویرات اور انوشکا دونوں ہی میرے بہترین دوست ہیں، میرے پاس مداحوں کو سنانے کے لیے ایک شاندار کہانی ہے۔ کے ایل راہول نے بتایا کہ ویرات اور انوشکا نے مجھے میرے برے وقت سے باہر نکالنے میں اہم کردار ادا کیا کیونکہ جب آپ کی شروعات اچھی نہیں ہوتی تو آپ کافی ٹوٹ جاتے ہیں اور حوصلہ کھو دیتے ہیں۔ کرکٹر نے کہا کہ 'ڈیبیو میچ آسٹریلیا میں تھا جو اتفاق سے انوشکا بھی دیکھنے آئی ہوئی تھیں، جب میں آؤٹ ہوا تو اداکارہ نے مجھے اداس اور سوچوں میں گھرا ہوا دیکھا※۔ کے ایل راہول کے مطابق 'انوشکا شرما میرے کمرے میں آئیں اور کہا کہ وہ مجھے اکیلے نہیں بیٹھنے دیں گی، نہ ہی مجھے کرکٹ کے بارے میں کچھ سوچنے دیں گی۔

معروف جوڑی ثناء جاوید اور کرکٹر شعیب ملک سوئٹزرلینڈ میں سیر میں مصروف، تصاویر وائرل



جنیوا (این این آئی) انٹرٹینمنٹ انڈسٹری اور کھیل کے میدان سے بننے والی معروف جوڑی اداکارہ ثناء جاوید اور کرکٹر شعیب ملک آج کل سوئٹزرلینڈ میں سیر سپاٹوں میں مصروف ہیں۔ اداکارہ ثناء جاوید نے سوئٹزرلینڈ سے اپنی نئی تصاویر شیئر کی ہیں۔ ثناء نے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر تصویریں شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں چاکلیٹ کے ایموجی کا استعمال کیا ہے۔ جیو انٹرٹینمنٹ کے بلاک بسٹر ڈرامہ سیریل 'خانی' کی اداکارہ، ثناء شعیب ملک کی تصویروں میں انہیں سفید ٹاپ اور جینز میں دیکھا جا سکتا ہے جس میں وہ اپنی فٹنس کے سبب کسی باربی ڈول سے کم نہیں لگ رہیں۔ اداکارہ کی تصویروں میں ان کے چہرے پر خوشگوار مسکراہٹ بھی قابل دید ہے۔ ان تصاویر پر جہاں اداکارہ ثناء※ جاوید اور کرکٹر شعیب ملک کے لیے انٹرنیٹ صارفین کی جانب سے منفی تبصرے کیے جارہے ہیں وہیں اس جوڑی کے مداح ان کی تعریفیں بھی کر رہے ہیں۔ یاد رہے کہ ثناء جاوید نے کچھ روز قبل بھی شعیب ملک کے ساتھ سوئٹزرلینڈ سے تصویریں شیئر کی تھیں جنہیں صارفین کی جانب سے بے حد پسند کیا گیا تھا۔

کرکٹ کا فروغ، تعلیمی اداروں میں ٹورنامنٹس اور لیگز کرانے کا فیصلہ

ہائیر ایجوکیشن کمیشن اور سی ڈی اے کے ساتھ گزشتہ روز معاہدے پر دستخط

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی جانب سے تعلیمی اداروں میں کرکٹ کو فروغ دینے اور انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کے لیے ٹورنامنٹس اور لیگز کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پی سی بی انٹر بورڈز کوآرڈینیشن کمیشن، ہائیر ایجوکیشن کمیشن اور سی ڈی اے کے ساتھ گزشتہ روز معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ سی ڈی اے ہیڈ کوارٹر میں مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کی خصوصی تقریب میں چیئرمین پی سی بی محسن نقوی اور وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر چیئرمین پی سی بی کا کہنا تھا کہ کرکٹ کے نچلی سطح پر فروغ کے لیے تاریخ میں پہلی بار سنجیدہ کاوش کی گئی ہے۔ انٹر اسکولز، انٹر کالجیٹ، انٹر یونیورسٹیز ٹورنامنٹس کے انعقاد سے نچلی سطح سے ٹیلنٹ سامنے آئے گا۔ محسن نقوی نے کہا کہ تمام ادارے ایک ساتھ مل کر ٹورنامنٹ کرائیں گے تو بہترین نتائج حاصل ہوں گے۔ امید ہے کہ ان معاہدوں پر عمل درآمد سے گراس روٹ لیول پر کرکٹ مضبوط ہوگی۔ اس حوالے سے آئی بی سی سی اور تعلیمی بورڈز صوبائی اور وفاقی حکومتوں کے ساتھ مل کر سکولوں اور کالجوں میں کرکٹ گراؤنڈز تیار کریں گے۔ ٹورنامنٹس کا آغاز ضلع کی سطح سے شروع ہوگا پھر ڈویژن، صوبائی، اور آخر میں قومی سطح پر ٹورنامنٹس کا انعقاد کیا جائے گا۔ پی سی بی اعلیٰ تعلیمی اداروں کے گراؤنڈ مین اور کیوریٹرز کو مفت تربیت دے گا۔







SHOWBIZ

میرب کی وجہ سے نماز پابندی سے پڑھتی ہوں، سعدیہ امام

ہم نے بھی اپنی والدہ کو دیکھ کر سیکھا ہے اور اب میری بیٹی میرب بھی مجھے دیکھ کر سیکھتی ہے



کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ سعدیہ امام کا کہنا ہے کہ تعلیمی ادارے پڑھاتے ہیں مگر تربیت کرنا والدین کا کام ہے۔ حال ہی میں ماضی کی اداکارہ و میزبان نے نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں اپنی بیٹی کے ہمراہ شرکت کی۔ دوران پروگرام انہوں نے بتایا کہ ان کے شوہر پاکستان میں نہیں ہوتے اس لیے ماں اور باپ دونوں کی ذمہ داری ان پر ہے۔ بچے والدین کو دیکھ کر سیکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے بھی اپنی والدہ کو دیکھ کر سیکھا ہے اور اب میری بیٹی میرب بھی مجھے دیکھ کر سیکھتی ہے، اگر کبھی میں گھر میں نہ ہوں اور کوئی مہمان آجائے تو اسے یہ محسوس نہیں ہوگا کہ گھر میں کوئی نہیں ہے۔ میرب مہمان نوازی کرتی ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ میں 5 وقت کی نماز صرف اس لیے پڑھتی ہوں تاکہ میرب مجھے دیکھ کر سیکھے، اب مجھے اسے نماز کے لیے نہیں کہنا پڑتا وہ مجھے دیکھ کر سیکھ چکی ہے اب وہ خود 5 وقت کی نماز پڑھتی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ جب والدین خود کوئی کام نہیں کرتے تو ان کے بچے بھی نہیں کرتے، پھر بچوں سے شکوہ نہیں کرنا چاہئے کہ وہ فلاں کام نہیں کرتا۔ سعدیہ امام کا شمار پاکستانی ڈراموں کی کامیاب ترین اداکاراؤں میں ہوتا ہے۔ انہوں نے رشتہ ازدواج سے منسلک ہونے کے بعد شوبز انڈسٹری کو خیرباد کہہ دیا تھا۔

ابراہیم علی خان کے ساتھ کام کرنا نہایت ہی شاندار ہوگا، کاجول



لاہور (ویب ڈیسک) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ کاجول کا کہنا ہے کہ ابراہیم علی خان کے ساتھ کام کرنا نہایت ہی شاندار ہوگا۔ واضح رہے کہ کاجول اور ابراہیم علی خان فلم 'سرزمین' میں کام کر رہے ہیں، اداکار بومن ایرانی کے بیٹے کیوزے ایرانی اس فلم کی ڈائریکشن دے رہے ہیں۔ کاجول نے 1994 کی فلم (یہ دل لگی) میں ابراہیم کے والد سیف علی خان کے ساتھ کام کیا تھا اور اب وہ فلم سرزمین میں ابراہیم کے ساتھ نظر آئیں گی جبکہ ابراہیم اس فلم کے ذریعے اپنے بالی ووڈ کیریئر کا آغاز کریں گے۔ کاجول نے بھارتی میڈیا سے گفتگو کے دوران ابراہیم کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ انھیں اسکرین پر دیکھنا کافی دلچسپ ہوگا۔ فلم میں پرتھوی راج سوکومرن بھی کاجل کے ساتھ پہلی بار کام کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ فلم سرزمین ایک پراسرار تھرلر ہے جس میں محبت کے مختلف پہلوؤں اور تعلقات کو سامنے لایا گیا ہے۔ کاجول کا کہنا تھا کہ وہ پرتھوی راج سوکومرن کے ساتھ پہلی بار کام کر رہی ہیں، جبکہ ابراہیم ساتھ کام کرنا کافی حیرت انگیز ہوگا، انکا کہنا تھا کہ ان دونوں کو اسکرین پر دیکھنا کافی دلچسپ ہوگا۔ کاجول نے اس موقع پر فلم میں اپنے کردار کے بارے میں زیادہ کچھ نہیں بتایا۔

امیتابھ بچن ایشوریا کو شویتا کی طرح اپنی بیٹی سمجھتے ہیں، جیا بچن



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اسٹار جوڑی ایشوریا رائے اور ابھیشیک بچن کے درمیان علیحدگی کی خبریں گرم ہے اسی دوران ایشوریا کی ساس جیا بچن کا ایک پرانا انٹرویو کلپ سوشل میڈیا پر وائرل ہے۔ سینئر بھارتی اداکارہ اور سیاستدان جیا بچن 'کافی وِد کرن' پروگرام میں بتاتی ہیں کہ امیتابھ بچن ایشوریا کو شویتا کی طرح اپنی بیٹی سمجھتے ہیں۔ جیا بچن کے مطابق جب بھی امیتابھ ایشوریا کو دیکھتے ہیں تو خوش ہوجاتے ہیں کیوں کہ وہ اسے بہو نہیں بلکہ اپنی بیٹی خیال کرتے ہیں۔ سینئر اداکارہ کے مطابق شویتا کے جانے سے گھر میں بیٹی کی جو کمی ہوئی تھی اسے امیتابھ کی نظر میں ایشوریا نے پورا کر دیا تھا۔ یاد رہے کہ کئی برس تعلقات میں رہنے کے بعد ایشوریا اور ابھیشیک کے درمیان 2007 میں شادی ہوئی تھی اور ان کی ایک بیٹی ارادھیا ہے جو 2011 میں پیدا ہوئی تھی۔

پاپ سنگر نازیہ حسن کی 24 ویں برسی 13 اگست کو منائی جائے گی

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) برصغیر کی معروف پاپ سنگر نازیہ حسن کی 24 ویں برسی 13 اگست کو منائی جائے گی پرائیڈ آف پرفارمنس نازیہ حسن 13 اگست 2000ء کو اس دنیا سے رخصت ہوگئی تھیں۔ نازیہ حسن 3 اپریل 1965ء کو کراچی میں پیدا ہوئیں انہوں نے اپنا بچپن کراچی اور لندن کے تعلیمی اداروں میں گزارا۔ 1980ء میں نازیہ حسن صرف 15 برس کی عمر میں اس وقت شہرت کی بلندیوں پر پہنچ گئیں جب انہوں نے بھارت کے معروف فلم ساز فیروز خان کی فلم "قربانی" میں "آپ جیسا کوئی میری زندگی میں آئے تو بات بن جائے" گایا۔ نازیہ حسن نے اپنے بھائی زوہیب حسن کے ساتھ مل کر پاکستانی موسیقی میں ایک نئی جہت روشناس کروائی۔

صبا قمر کے ویسٹرن لک میں حسن کے جلوے، مداح گرویدہ

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ صبا قمر نے ویسٹرن لک میں حسن کے جلوے بکھیر کر مداحوں کو گرویدہ بنا لیا۔ حال ہی میں اداکارہ صبا قمر نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنی فیشن اکاؤنٹ سے چند نئی تصاویر شیئر کیں جو مداحوں کے دلوں کو بھا گئیں۔ مذکورہ تصاویر میں اداکارہ صبا قمر کو بلیو جینز اور شارٹ بادی شرٹ زیب تن کیے دیکھا جاسکتا ہے، اداکارہ نے گلے میں بھاری نیکلس بھی ڈال رکھا ہے جبکہ کھلی زلفوں میں قاتلانہ ادائیں مداحوں کے دلوں پر بجلیاں گرا رہی ہیں۔ تصاویر نے سوشل میڈیا پر آتے ہی تہلکہ مچا دیا جبکہ پوسٹ کے کمنٹ سیکشن میں مداحوں کی جانب سے محبت بھرے کمنٹس کی برسات کی جارہی ہے۔

بھارتی اداکارہ نے دفاع کرنے پر سابق بوائے فرینڈ کے دوست کو سینڈل اتار کر مار دی

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ و ماڈل لوانیہ نے سابق بوائے فرینڈ و اداکار راج ترن کے دوست کو لائیو پروگرام میں سینڈل اتار کر مار دی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت کی مقامی فلم انڈسٹری ٹالی وڈ کی اداکارہ لوانیا کی گزشتہ دنوں قریبی دوست و نامور ٹالی وڈ اداکار راج ترن سے علیحدگی ہوئی تھی۔ علیحدگی کے بعد اداکارہ نے سابقہ دوست پر چیٹنگ اور دیگر مقدمات درج کرائے تھے جس پر پولیس نے اسے شامل تفتیش بھی کیا تھا۔ تاہم اداکارہ نے راج ترن کا ٹی وی پر دفاع کرنے پر ان کے دوست کو لائیو پروگرام میں سینڈل اتار کر مار ڈالی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق راج ترن کا دوست سیکھر باشا کئی روز سے ٹی وی پروگرامز میں ان کا دفاع کر رہا تھا۔

نکھل ایڈوانی کی تقریباً 6 یا 7 سال بعد بطور ہدایتکار واپسی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اسٹار جان ابراہم کو انکی نئی فلم کولے کر تنقید کا سامنا ہے، تاہم معاون اداکارہ تمنا بھاٹیا ان کی حمایت میں سامنے آگئیں۔ جان ابراہم کی فلم ویدا کا ٹریلر جاری ہونے کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے اسے جان ابراہم کی ایک اور روایتی ایکشن فلم قرار دیا جارہا تھا، جبکہ ایک موقع پر جان ابراہم اس وقت غصے میں آگئے تھے جب صحافی نے ان سے سوال کیا کہ اداکار کی زیادہ تر فلمیں وہی پرانی ہوتی ہیں۔ تاہم اب اس فلم میں مختصر کردار نبھانے والی اداکارہ تمنا بھاٹیا جان ابراہم کے حمایت میں سامنے آگئیں اور کہا کہ انکی فلم ویدا صرف ایکشن فلم نہیں، یہ اس سے بڑھ کر ہے۔

خوشی ہے عمر بٹ کیساتھ میرا رشتہ نکاح سے پہلے ہی ختم ہوگیا، جنت مرزا



فیصل آباد (این این آئی) معروف پاکستانی ٹک ٹاکر و اداکارہ جنت مرزا نے اپنے دیرینہ دوست ونگ ٹاکر عمر بٹ سے منگنی ختم کرنے کی وجہ بتادی۔ جنت مرزا نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں بطور مہمان شرکت کی جہاں اُن سے ان کی عمر بٹ سے منگنی ٹوٹنے کے بارے میں بھی سوال پوچھا گیا۔ انہوں نے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ عمر بٹ سے میری منگنی نہیں ہوئی تھی ہماری صرف بات پکی ہوئی تھی۔ جنت مرزا نے کہا کہ میں عمر بٹ کے ساتھ رشتہ ختم کرنے کے لیے پہلے تیار نہیں تھی، تقریباً 2 سال دونوں خاندانوں کے درمیان بات چلتی رہی، اس کے بعد میں نے والدین کے مشورے سے یہ رشتہ ختم کرنے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اندازہ ہوگیا تھا کہ میرا اُن کے ساتھ گزارا نہیں ہوسکتا، اس لیے مجھے اس بات کی خوشی بھی تھی کہ یہ رشتہ نکاح سے پہلے ہی ختم ہوگیا، اگر نکاح کے بعد علیحدگی ہوتی تو وہ بہت زیادہ تکلیف دہ لمحہ ہوتا۔

زمانہ بدل چکا، لڑکیاں اب شادی شدہ مردوں کو پسند کرتی ہیں، فاطمہ افندی



لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ فاطمہ آفندی نے انکشاف کیا ہے کہ اب زمانہ بدل چکا ہے، آج کل لڑکیاں شادی شدہ مردوں کی طرف مائل ہو رہی ہیں۔ اداکارہ فاطمہ آفندی حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں شریک ہوئیں جس میں انہوں نے کیریئر سمیت دیگر معاملات پر کھل کر اظہار خیال کیا۔ ایک سوال کے جواب میں اداکارہ نے کہا کہ آج کل میں نے بیویوں کو دیکھا ہے اگر کسی کا شوہر کسی لڑکی کی طرف مائل ہوجائے تو بیویاں اس لڑکی سے جھگڑنے پہنچ جاتی ہیں لیکن درحقیقت تو آپ کا اپنا سگا کھوٹا ہے کیوں کہ آپ کا شوہر دودھ پیتا بچہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کیسز میں میری نظر میں عورت بھی مکمل طور پر بے قصور نہیں کیوں کہ جو میں اپنے اردگرد دیکھ رہی ہوں وہ یہ ہے کہ لڑکیاں اب شادی شدہ مردوں کو پسند کر رہی ہیں کیوں کہ شادی شدہ مرد معاشی طور پر زیادہ مضبوط ہیں۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ اس سب میں کہیں زیادہ سوشل میڈیا کا بھی کردار ہے کیوں کہ اب لوگ اپنے بجائے سوشل میڈیا پر دکھائی جانے والی دوسروں کی زندگیوں سے متاثر ہو رہے ہیں اور پھر وہ اس بات پر قائم ہیں کہ اب ہمیں بھی ایسی ہی زندگی چاہیے اور یہ سب دیکھ کر مجھے اپنے بچوں کیلئے ڈر لگتا ہے۔

نصرت فتح علی خان کی 27 ویں برسی 16 اگست کو منائی جائے گی

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) پاکستان کے عظیم گلوکار نصرت فتح علی خان کی 27 ویں برسی 16 اگست کو منائی جائے گی اس سلسلے میں فلمی حلقوں میں مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں نصرت فتح علی خان کی فنی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ نصرت فتح علی خان 13 اکتوبر 1948ء کو فیصل آباد میں پیدا ہوئے آپ کے والد استاد فتح علی خان اور چچا استاد مبارک علی خان اپنے دور کے مشہور قوال تھے۔ نصرت فتح علی خان نے بھی بطور قوال دم مست قلندر مست مست سے ملک گیر شہرت حاصل کیا انہوں نے قوالی کی صنف میں مغربی انداز متعارف کروایا۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

لاہور چیمبر کی جانب سے ریئل ٹائم انٹیگریشن کے لیے بھاری چارجز پر اظہار تشویش

وزیراعظم شہباز شریف ٹیکس دہندگان کو درپیش مسائل حل کرنے کے لیے احکامات صادر کریں: صدر لاہور چیمبر کاشف انور

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے ایس آر او ایس آر او 428(I)2024/ایکٹرانک کمپلائنس کے لئے عائد کی جانے والی بھاری فیسوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کے نام ایک خط میں لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور نے کہا کہ وہ صورتحال کا نوٹس لیں اور ٹیکس دہندگان کے مسائل حل کرنے کے لیے احکامات صادر کریں کیونکہ یہ چارجز کاروباری برادری پر مزید بوجھ ڈالیں گے۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ پاکستان کی کاروباری برادری افراط زر، روپے کی قدر میں کمی، توانائی کی بلند قیمتوں اور زیادہ مارک اپ ریٹ سمیت دیگر معاشی چیلنجوں کا سامنا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس آر او ایس آر او 428(I)2024/مورخہ 22 مارچ 2024 کے تحت فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے ساتھ ایکٹرانک انوائسنگ سسٹم کے انضمام کے لئے واحد لاگس ہولڈر کی طرف سے مقرر کردہ بھاری فیسیں تشویشناک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پہلے ہی فنانس ایکٹ 2024 میں ترامیم ایس آر او 350(I) 2024 /اور ایس آر او 1842(I)2023/نے کاروباری برادری کے لیے مسائل پیدا کر رکھے ہیں۔ اس تناظر میں ایک بار کی سیٹ اپ فیس پندرہ لاکھ روپے اور سالانہ مینٹیننس چارجز پینتیس لاکھ روپے یا پھر فی انوائس ساڑھے روپے، بہت زیادہ اور کاروباری شعبہ کے لیے ناقابل برداشت ہیں۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ اس قسم کی فیسیں بہت سے کاروباروں کی بقاء کو خطرے میں ڈال دیں گی لہذا ایسے اقدامات نہ کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ کاروباروں کی آن لائن انٹیگریشن اور مینٹیننس کی لاگت کم سے کم ہونی چاہیے تاکہ ٹیکس دہندگان پر بوجھ کم سے کم پڑے۔ کاشف انور نے توقع ظاہر کی کہ وزیراعظم شہباز شریف ان مسائل کے حل کے لیے فوری احکامات صادر کریں گے۔

چیئرمین واپڈا کا ورلڈ بینک ٹیم کیساتھ تربیلا ڈیم کے پانچویں توسیعی منصوبے کا دورہ

چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) سجاد غنی نے منصوبے کی مختلف سائٹس پر تعمیراتی کام کا جائزہ لیا



تربیلا (ویب ڈیسک) چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) سجاد غنی نے تربیلا ڈیم کے پانچویں توسیعی منصوبے کا دورہ کیا، ورلڈ بینک کی ٹیم بھی دورے کے موقع پر چیئرمین واپڈا کے ہمراہ تھی۔ چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) سجاد غنی نے منصوبے کی مختلف سائٹس پر تعمیراتی کام کا جائزہ لیا، چیئرمین واپڈا اور ورلڈ بینک کی ٹیم نے ٹنل کے اندر جاری کام کا بھی مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر پراجیکٹ انتظامیہ نے چیئرمین واپڈا اور ورلڈ بینک کی ٹیم کو پراجیکٹ پر پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی، جس میں بتایا گیا کہ منصوبے کی اہم سائٹس پر تعمیراتی کام جاری ہے، منصوبہ سے بجلی کی پیداوار 26-2025 میں شروع ہوگی۔ پراجیکٹ انتظامیہ نے بریفنگ دی کہ تربیلا پانچویں توسیعی منصوبے کی پیداواری صلاحیت ایک ہزار 530 میگاواٹ ہے، منصوبے کی تکمیل پر تربیلا کی پیداواری صلاحیت بڑھ کر 6 ہزار 418 میگاواٹ ہو جائے گی، تربیلا پانچویں توسیعی منصوبے کیلئے ورلڈ بینک 390 ملین ڈالر فراہم کر رہا ہے۔ چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) سجاد غنی نے کہا کہ ملک میں توانائی کی ضروریات پورا کرنے کیلئے تربیلا پانچواں توسیعی منصوبہ بہت اہم ہے، منصوبہ کی 26-2025 میں تکمیل کیلئے کنسٹرکشنز اور کنٹریکٹرز کام میں تیزی لائیں۔

ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کی فوڈ سیفٹی ٹیموں کی سربراہی میں کارروائیاں

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کی ہدایت پر فوڈ سیفٹی ٹیموں کی ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی جھنگ یاسر مشتاق کی سربراہی میں کارروائیاں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں کی شہر کے داخلی راستوں پر ناکہ بندی کر کے دودھ بردار گاڑیوں کی چیکنگ 34230 لیٹر دودھ کی چیکنگ کی گئی، جبکہ ملک شاپس اور ملک کوکیشن سنٹرز کی بھی خصوصی چیکنگ کے دوران 18415 لیٹر دودھ چیک کیا گیا اور غیر معیاری دودھ فروخت کرنے کی بناء پر 1 لاکھ 13 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے اور 145 لیٹر غیر معیاری دودھ موقع پر تلف کر دیا گیا

سٹاک مارکیٹ میں تیزی، کاروبار کا مثبت رجحان رہا

کراچی (کامرس ڈیسک) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں آج مثبت رجحان دیکھنے میں آیا ہے۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز سٹاک ایکسچینج میں کاروبار کا مثبت زون میں ہوا، جس کے باعث پاکستان سٹاک مارکیٹ میں 100 انڈیکس 106 پوائنٹس کے اضافے کیساتھ 77 ہزار 343 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ کاروباری دن کے اختتام پر پاکستان سٹاک ایکسچینج میں 100 انڈیکس 1141 پوائنٹس کی کمی کے ساتھ 77 ہزار 84 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔ سٹاک مارکیٹ میں آج 6 ارب 78 کروڑ 76 لاکھ 46 ہزار 431 روپے مالیت کے 14 کروڑ 97 لاکھ 74 ہزار 582 شیئرز کا لین دین ہوا۔

پاکستانی دوسروں کا سامان لانے لیجانے میں احتیاط کریں، اماراتی قونصل جنرل

پاکستانی بہن بھائیوں کے لیے ہر ممکن اور 100 فیصد سہولت دیتے، عتیق الرومیتی

کراچی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے قونصل جنرل کراچی بخیت عتیق الرومیتی نے واضح کیا ہے کہ پاکستانیوں کیلئے امارات کے ویزوں پر کوئی پابندی نہیں، دبئی، ابوظہبی اور یا شارجہ جانے والے شہری کسی بھی صورت دوسروں کا سامان لانے لیجانے میں سخت احتیاط کریں، متحدہ عرب امارات کے دیگر شہروں میں سندھ کے لوگوں کو درپیش ویزا مسائل کے حل کیلئے میئر سکھر اور ترجمان سندھ حکومت ارسلان اسلام شیخ نے اماراتی قونصل جنرل کراچی بخیت عتیق الرومیتی سے ملاقات کی، اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے بخیت عتیق الرومیتی نے کہا کہ امارت کے پاکستان سے بہترین تعلقات ہیں، پاکستانی بہن بھائیوں کے لیے ہر ممکن اور 100 فیصد سہولت دیتے ہیں اور پاکستانیوں پر کسی بھی حوالے سے کوئی پابندی نہیں ہے، جسے لوگ سمجھتے پابندی سمجھتے ہیں وہ دراصل چیک اینڈ بیلنس کو مکمل فعال کرنے کا عمل ہے۔ انھوں نے کہا کہ تاجر برادری، حقیقی ورکرز اور علاج کے لیے جانے والے پاکستانی بھائیوں، بہنوں کو دبئی، ابوظہبی، شارجہ پر تمام سہولیات فراہم کی جاتی ہیں، کراچی قونصلیٹ میں یو ایس ای جانے والے افراد کے لیے خصوصی آگاہی دی جاتی ہے۔ متحدہ عرب امارات سفر کرنے والے مسافر ممنوع سامان لے جانے سے گریز کریں اور اپنے سامان کی خود پیکنگ کریں تاکہ ان کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے، ڈاکٹر بخیت عتیق الرمیثی نے مزید کہا کہ دونوں طرف کی بزنس کمیونٹی کے لیے چند دنوں میں نئے پروگرام کا آغاز کریں گے، پروگرام کے تحت اگر کوئی پاکستانی یو اے ای کاروبار کے لیے جانا چاہتا ہے یا متحدہ عرب امارات کی کمپنیوں کو پاکستان لانا چاہتا ہے۔

پنجاب میں مالی سال 2024-25 کے دوران آبیانہ کا ٹارگٹ 83.17 ارب مقرر

زرعی انکم ٹیکس کی ریکوری 102 فیصد رہی، ایس ایم بی آر نبیل جاوید کی زیر صدارت اجلاس

لاہور (این این آئی) سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو پنجاب نبیل جاوید نے کہا ہے کہ صوبہ میں ٹیکس کی وصولی کا نظام جدید اور موثر بنانے کیلئے نئی اصلاحات متعارف کی جارہی ہیں تاکہ عوام کو ٹیکس کی ادائیگی میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ یہ بات انہوں نے ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس کے اہداف حاصل کرنے کیلئے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنرز کو باقاعدگی کے ساتھ ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ اور اس کے ساتھ ساتھ آبیانہ کی وصولی کیلئے ضلع اور تحصیل کی سطح پر کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں جو آبیانہ وصولی کے اہداف کو یقینی بنائیں گے۔ نبیل جاوید نے کہا کہ سال 2023-24 میں ٹیکسز کے ترمیم شدہ اہداف کی ریکوری 8.101 فیصد رہی۔



فیصل آباد: پنجاب فوڈ اتھارٹی کے زیر اہتمام نور محمد انصاری انڈسٹریل سکول، سوشل ویلفیئر سوسائٹی غلام محمد آباد میں خوراک کی اہمیت تقریب سے ماہر غذائیت مس انعم زاہد، محمد ارشد قاسمی، عاطف اقبال، محمد حمزہ سعید، یاسمین حمید، سمیرا زاہد، حافظہ صبا تبسم، مس سمیرا، عابد کوثر، عائشہ طارق، مس مہوش خطاب کر رہی ہیں۔

ایف پی سی سی آئی کا آئی پی پیز کے خلاف سپریم کورٹ سے رجوع

آئی پی پیز کا فرانزک آڈٹ کرایا جائے اور آئی پی پیز کو دیا گیا زائد منافع ریکور کرنے کا حکم دیا جائے



اسلام آباد (ویب ڈیسک) فیڈریشن آف چیمبر اینڈ کامرس اینڈ انڈسٹریز نے آئی پی پیز کے خلاف سپریم کورٹ سے رجوع کرلیا۔ ایف پی سی سی آئی نے اپنی درخواست میں موقف اپنایا کہ آئی پی پیز کا فرانزک آڈٹ کرایا جائے اور آئی پی پیز کو دیا گیا زائد منافع ریکور کرنے کا حکم دیا جائے، آئی پی پیز کے ساتھ معاہدوں میں ترمیم کرکے ادائیگی بجلی کی فراہمی سے مشروط کرنے کا حکم دیا جائے۔ درخواست گزاروں نے مزید استدعا کی کہ سپریم کورٹ آئی پی پیز سے متعلقہ 1994، 2002 اور 2015 کی پالیسیاں کالعدم قرار دے، جبکہ شہریوں کو سستی بجلی فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، حکومت بجلی جیسی بنیادی ضرورت سے منافع نہیں کما سکتی جسے فوری ختم کیا جائے۔ واضح رہے گزشتہ روز وفاقی وزیر پاور ڈویژن اویس لغاری نے اپنے ایک بیان کہا تھا کہ حکومت آئی پی پیز کے پورٹ فولیو کا جائزہ لے رہی ہے، عوام کو جلد اچھی خبریں ملیں گی۔

حافظ آباد: ڈاکٹر سے دھوکہ دہی! نقدی اور قیمتی سامان لوٹ لیا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے ڈاکٹر کو ایک شخص نے دھوکہ دیکر اس سے دس لاکھ روپے نقدی اور ایک انگوٹھی مالیتی دو لاکھ روپے لوٹ لی اور فرار ہوگیا۔ پولیس نے مقدمہ درج کرلیا۔ محلہ پیر کالے شاہ کے رہائشی ڈاکٹر محمد آویز ارجمند نے تھانہ سٹی میں ایف آئی درج کرواتے ہوئے الزام عائد کیا کہ راولپنڈی ڈاکٹری کی تعلیم کے دوران اسکا ایبٹ آباد کے رہائشی اسد عزیز سے دوستی ہوگئی جو اسکے گھر حافظ آباد ملنے آیا اور اس نے بتایا کہ سبیکا نامی میری کلاس فیلو نے میری وجہ سے زہر رانی کرلی ہے اور اسکی حالت کافی خراب ہے اور وہ ہسپتال میں داخل ہے۔ اور اسکے دو بھائی ایف آئی اے میں افسر ہیں اور تمہیں تلاش کر رہے ہیں لہذا تم چھپ جاؤ۔ اس دوران اسد عزیز نے اس سے دس لاکھ روپے نقدی اور دو لاکھ روپے کی انگوٹھی لی اور کہا کہ وہ اسے بچالے گا۔ بعد میں پتہ چلا اسد عزیز نے یہ ڈرامہ رچایا تھا جس پر پولیس نے اسکے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔

حافظ آباد سے نامعلوم چور ایک دن ہی میں تین موٹر سائیکل چرالے گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد سے نامعلوم چور ایک دن ہی میں تین موٹر سائیکل چرالے گئے۔ عاقب جاوید سکنہ کیگے نے اپنا موٹر سائیکل احاطہ تحصیل میں کھڑا کیا جہاں سے نامعلوم چور اسکا موٹر سائیکل چرالے گئے۔ دوسری واردات گوجرانوالہ روڈ پر ہوئی جہاں پر آفاق جاوید سکنہ گھنیا نے اپنا موٹر سائیکل ایک نجی بینک کے باہر کھڑا کیا تو نامعلوم ملزمان اسکا موٹر سائیکل بھی چرالے گئے۔ تیسری واردات محلہ شریف پورہ میں ہوئی جہاں سے نامعلوم چور ابوبکر ابراہیم کا موٹر سائیکل چرالے گئے۔ پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کرلئے۔ شہر بھر میں موٹر سائیکل چرائے جانی بڑھتی وارداتوں نے شہریوں کو پریشان کر کے رکھ دیا۔

پریس کلب جھنگ کے صدر ملک لیاقت علی انجم کی زیر صدارت ایگزیکٹو باڈی کا اجلاس

جھنگ (بیورو رپورٹ) پریس کلب جھنگ کے صدر ملک لیاقت علی انجم کی زیر صدارت ایگزیکٹو باڈی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ایگزیکٹو باڈی کے ممبران نے شرکت کی اجلاس میں صحافیوں کی فلاح و بہبود اور پریس کلب کی بلڈنگ کی توسیع و دیگر امور پر گفتگو کی گئی اس موقع پر صدر پریس کلب جھنگ ملک لیاقت علی انجم نے کہا کہ صحافیوں کے حقوق اور ان کی عزت وآبرو کا تحفظ میری اولین ترجیح ہے اس سلسلہ میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا صحافیوں کے مسائل حل کروانے کے لیے ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے ورکنگ جرنلسٹ ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں نان ورکنگ جرنلسٹ کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا لیاقت علی انجم نے مزید کہا کہ پریس کلب کی بلڈنگ کی توسیع کے لیے ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے

قصور: درجنوں وارداتوں میں ملوث تین خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

زخمی ڈاکو چھانگا مانگا اور گردونواح میں 07 مقدمات میں ملوث تھا

قصور (بیورو رپورٹ) قصور پولیس نے ڈاکوؤں سے دو مختلف مقابلوں میں ڈکیتی اور راہزنی کی درجنوں وارداتوں میں ملوث تین خطرناک ڈاکو ڈل کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا جبکہ دیگر پانچ ساتھی موقع سے فرار، فرار ڈاکوؤں کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دیں گئیں، ملزمان کے قبضہ سے کیش رقم، موٹر سائیکل، موبائل فون اور ناجائز اسلحہ برآمد۔ تھانہ چھانگا مانگا کے علاقہ لکھوی پل کے قریب پولیس مقابلہ، زیر حراست ڈاکو غلام عباس سکنہ وہاڑی حملہ آور ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی، تین ملزمان فرار۔ زخمی ڈاکو چھانگا مانگا اور گردونواح میں 07 مقدمات میں ملوث تھا جسے پولیس ٹیم نے چند روز قبل دوران ناکہ بندی گرفتار کیا تھا۔ تھانہ چھانگا مانگا پولیس زیر حراست ڈاکو کو مقدمہ 802/24 بجرم 392 میں بعد از برآمدگی واپس آ CIA چونیاں ٹیم پر چھانگا مانگا کے علاقہ میں دوران ریڈ فائرنگ کی تھی۔ چھڑانے کی نیت سے لکھوی پل کے قریب حملہ آور ہو گئے۔ حملہ آور ملزمان کی فائرنگ سے زیر حراست ڈاکو زخمی ہوگیا جبکہ حملہ آور ملزمان رات کی تاریکی فائدہ اٹھاتے ہوئے بھاگ جانے میں کامیاب ہوگئے۔ تھانہ چھانگا مانگا پولیس نے حملہ آور ملزمان کی گرفتاری کیلئے ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں جبکہ تھانہ صدر پھولنگر کے علاقہ سردار مل کے قریب پولیس مقابلہ۔ بین الاضلاعی خطرناک ڈکیت گینگ کے 02 ارکان زخمی حالت میں گرفتار، 02 فرار۔ زخمی ڈاکوؤں کی شناخت ظفر اقبال عرف دانی سکنہ پھولنگر اور احسن سکنہ فیصل آباد کے ناموں سے ہوئی۔ زخمی ڈاکو ضلع لاہور جبکہ قصور کے 10 تھانوں کو شاپ رابری سمیت دیگر درجنوں وارداتوں میں انتہائی مطلوب تھے۔ ڈاکوؤں کے گروہ نے کچھ عرصہ قبل تھانہ چھانگا مانگا پولیس زیر حراست ڈاکو کو مقدمہ 802/24 بجرم 392 میں بعد از برآمدگی واپس آ CIA چونیاں ٹیم پر چھانگا مانگا کے علاقہ میں دوران ریڈ فائرنگ کی تھی۔



فیصل آباد: اسسٹنٹ کمشنر تاندلیانوالہ صفا عابد رائس چیکنگ کر رہی ہیں۔

حافظ آباد سے نامعلوم چور ایک دن ہی میں تین موٹر سائیکل چرالے گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد سے نامعلوم چور ایک دن ہی میں تین موٹر سائیکل چرالے گئے۔ عاقب جاوید سکنہ کیگے نے اپنا موٹر سائیکل احاطہ تحصیل میں کھڑا کیا جہاں سے نامعلوم چور اسکا موٹر سائیکل چرالے گئے۔ دوسری واردات گوجرانوالہ روڈ پر ہوئی جہاں پر آفاق جاوید سکنہ گھنیا نے اپنا موٹر سائیکل ایک نجی بینک کے باہر کھڑا کیا تو نامعلوم ملزمان اسکا موٹر سائیکل بھی چرالے گئے۔ تیسری واردات محلہ شریف پورہ میں ہوئی جہاں سے نامعلوم چور ابوبکر ابراہیم کا موٹر سائیکل چرالے گئے۔ پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کرلئے۔ شہر بھر میں موٹر سائیکل چرائے جانی بڑھتی وارداتوں نے شہریوں کو پریشان کر کے رکھ دیا۔

پریس کلب جھنگ کے صدر ملک لیاقت علی انجم کی زیر صدارت ایگزیکٹو باڈی کا اجلاس

جھنگ (بیورو رپورٹ) پریس کلب جھنگ کے صدر ملک لیاقت علی انجم کی زیر صدارت ایگزیکٹو باڈی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ایگزیکٹو باڈی کے ممبران نے شرکت کی اجلاس میں صحافیوں کی فلاح و بہبود اور پریس کلب کی بلڈنگ کی توسیع و دیگر امور پر گفتگو کی گئی اس موقع پر صدر پریس کلب جھنگ ملک لیاقت علی انجم نے کہا کہ صحافیوں کے حقوق اور ان کی عزت وآبرو کا تحفظ میری اولین ترجیح ہے اس سلسلہ میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا صحافیوں کے مسائل حل کروانے کے لیے ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے ورکنگ جرنلسٹ ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں نان ورکنگ جرنلسٹ کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا لیاقت علی انجم نے مزید کہا کہ پریس کلب کی بلڈنگ کی توسیع کے لیے ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے

قصور اور اس کے گردونواح میں ڈاکوؤں نے شہریوں کو قیمتی سامان سے محروم کر دیا

قصور (ڈسٹرکٹ رپورٹر) قصور اور اس کے گردونواح میں ڈاکوؤں نے بزور اسلحہ شہریوں کو طلائی زیورات، موٹر سائیکلز لاکھوں روپے کیش رقم، موبائل فون و دیگر سامان سے شہریوں سے کو محروم کر دیا۔ تھانہ اے ڈویژن میں محمد وارث نے درخواست دی ہے کہ میری دوکان پر موجودگی میں تین کس مسلح ڈاکو آئے اور اسلحہ کے زور پر مجھے سے 42.1 لاکھ روپے کیش رقم و دیگر سامان لوٹ کر موقع سے فرار ہو گئے ہیں اور دربار بابا احمد شاہ درویش کے رہائشی اسد نے بھی درخواست دی ہے کہ گھر کو جاتے ہوئے کمال چستی کے قریب دو کس نے اسلحہ کی نوک پر مجھ سے 64 ہزار روپے کیش رقم موبائل فون و دیگر سامان لوٹ لیا ہے۔ تھانہ گنڈا سنگھ والا میں جگیاں کے رہائشی سلیمان خاں نے درخواست دی ہے کہ 6/5 کس نے میرے گھر میں داخل ہو کر گھر والوں کو یرغمال بنا کر زبردستی، کیش رقم، چار عدد موبائل فون، 44 بور رائفل، طلائی زیورات و دیگر سامان لوٹ لیا ہے۔

چنیوٹ: آر پی او کی ہدایت پر ضلع بھر میں جرائم پیشہ افراد کیخلاف کریک ڈاؤن

پولیس نے اشتہاریوں سمیت ناجائز اسلحہ ومنشیات برآمد ہونے پر 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ریجنل پولیس آفیسر ڈاکٹر محمد عابد خان کی ہدایت پر ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ پولیس نے مختلف علاقوں سے دو مجرمان اشتہاریوں سمیت ناجائز اسلحہ ومنشیات برآمد ہونے پر 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ تھانہ بھوانہ پولیس نے دو ملزمان سہیل اور مظہر کے قبضہ سے بندوق 12 بور پسٹل 30 بور برآمد ہونے پر گرفتار کیا۔ تھانہ لنگرانہ پولیس نے ناجائز اسلحہ پسٹل برآمد ہونے پر ملزم تنویر کو گرفتار کیا۔ تھانہ چناب نگر پولیس نے منشیات فروش ملزم نعمان کو 25 لیٹر شراب سمیت گرفتار کیا۔ گرفتار ملزمان کیخلاف مقدمات درج ہو چکے ہیں اور مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ہیومن ریسورس اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کر کے جرائم پیشہ افراد کو گرفتار کیا جا رہا ہے۔ جرائم کے خاتمہ کے لیے عوامی تعاون بے حد ضروری ہے۔ آپ کے علاقہ میں جرائم کی صورت میں پولیس کو 15 پر اطلاع دیں۔

ایس ایچ او تھانہ دینہ کی ٹیم کے ہمراہ کارروائی موٹر سائیکل چور گرفتار

ملزم سے چوری شدہ 02 عدد موٹر سائیکلز اور موٹر سائیکلز کا سامان برآمد کرلیا



جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ایس ایچ او تھانہ دینہ اور ٹیم کی اہم کارروائی، موٹر سائیکل چوری کے مقدمہ میں ملوث ملزم گرفتار، چوری شدہ موٹر سائیکلز برآمد، تھانہ دینہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم نادر کو گرفتار کرلیا، ملزم سے چوری شدہ 02 عدد موٹر سائیکلز اور موٹر سائیکلز کا سامان برآمد کر لیے گئے، اسی طرح ایس ایچ او تھانہ سول لائنز اور ٹیم کی اہم کارروائی، منشیات فروش ملزم گرفتار، منشیات برآمد تھانہ سول لائنز پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم خرم شہزاد کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 01 کلو 20 گرام آئس برآمد کر لی گئی، جبکہ ایس ایچ او تھانہ لالہ اور ٹیم کی اہم کارروائی، چوری کے مقدمہ میں ملوث ملزمان گرفتار، چوری شدہ زیورات برآمد، تھانہ لالہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزمان ظہیر عباس اور انور خان کو گرفتار کرلیا، ملزم سے چوری شدہ سامان اور اسلحہ برآمد کرلیا۔

ننکانہ صاحب: منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں جاری

تھانہ بڑا گھر نے منشیات فروش کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے 10 کلو سے زائد منشیات اور وٹک برآمد کرلی

نوجوان نسل کی رگوں میں نشے کا زہر گھولنے والے معاشرتی ناسور ہیں، ڈی پی او



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلی پنجاب کے ویژن کے مطابق ڈرگ فری پنجاب مہم کے تحت منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔ پولیس تھانہ بڑا گھر نے دوران کاروائی بھاری مقدار میں منشیات پکڑ لی۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ بڑا گھر نے منشیات فروش کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی 10 کلو سے زائد منشیات اور وٹک رقم برآمد کر لی۔ ملزم نے یہ منشیات ضلع بھر میں فروخت کرنی تھی۔ منشیات فروش ملزم عابد کو پولیس چوکی بچکیکی نے دوران کاروائی گرفتار کیا ملزم کے خلاف تھانہ بڑا گھر میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے مزید کاروائی کا عمل جاری ہے۔ ڈی پی او صاعد عزیز نے پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہا ہے۔ ڈی پی او کا کہنا ہے کہ نوجوان نسل کی رگوں میں نشے کا زہر گھولنے والے معاشرتی ناسور ہیں۔ ضلع کو منشیات سے محفوظ بنانا اولین ترجیح ہے۔

اوکاڑہ پولیس کا چھاپہ: بدنام زمانہ دو منشیات فروشوں سے بھاری مقدار میں چرس اور شراب برآمد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر بدنام زمانہ دو منشیات فروشوں سے بھاری مقدار میں چرس اور شراب برآمد کر کے ان کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ صدر دیپالپور کے ایس ایچ او غلام رسول نے نفری کے ہمراہ چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش تنویر سے 1 کلو 500 گرام چرس اور ظفر سے 22 لیٹر شراب برآمد کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لئے ہیں۔ اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں دو خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار۔ جبکہ ایک ڈاکو بھاگ جانے میں کامیاب ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواح قصبہ 39 تھری آر کے قریب تھانہ صدر اوکاڑہ کی پولیس گشت کر رہی تھی اچانک تین موٹر سائیکل سواروں کو مشکوک جان کر روکا مگر وہ نہ رکے جس پر پولیس نے ان کا تعاقب کیا تو نواحی قصبہ 22 جیڈی برساتی کے قریب موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے اندھا دھند فائرنگ کر دی پولیس کی جوابی فائرنگ سے دو خطرناک ڈاکو ارشاد عرف اچھو اور محمد علی زخمی ہو گئے جن کو پولیس نے گرفتار کر لیا جبکہ ایک ڈاکو اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر بھاگ جانے میں کامیاب ہوگیا پولیس تھانہ صدر اوکاڑہ نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

جرم وسزا

CRIME & COURT

اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد، ڈی پی او جہلم نے شہریوں کو فرداً فرداً خود سنا

انچارج کمپلینٹ سیل کو متعلقہ پولیس افسران کو فون کر کے فوری کارروائی عمل میں لانے کا حکم

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ کی انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد، ڈی پی او جہلم نے شہریوں کو فرداً فرداً خود سنا اور موقع پر احکامات جاری کیے، انچارج کمپلینٹ سیل کو متعلقہ پولیس افسران کو فون کر کے فوری کارروائی عمل میں لانے کا حکم، متعلقہ افسران کو مارک کردہ درخواستوں پر انکوائری و کاروائی کر کے رپورٹ پیش کرنے کا حکم، جس افسر کو درخواست مارک کی گئی ہے وہ خود انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرے گا، کھلی کچہری کے ذریعے پبلک فیڈ بیک حاصل کر کے پالیسنگ کو مزید بہتر بنایا جائے،

چنیوٹ: پولیس ایمرجنسی ہیلپ لائن نمبر پکار 15 کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پولیس ایمرجنسی ہیلپ لائن نمبر پکار 15 کی ماہ جولائی کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی۔ گزشتہ ماہ جولائی میں پولیس ہیلپ لائن پکار 15 پر 39 ہزار سے زائد کالز موصول ہوئیں۔ 21 سو سے زائد کالز پر فوری کارروائی کرتے ہوئے شہریوں کو مدد فراہم کی گئی۔ گزشتہ ماہ جولائی میں 12 سو سے زائد کالز پر شہریوں کی راہنمائی کی گئی۔ ایمرجنسی نمبر 15 پر جھوٹی کال کرنے پر 21 افراد کیخلاف مقدمات درج ہوئے اور ملزمان کو جیل بھجوایا گیا۔ ایمرجنسی نمبر 15 پر موصول ہونے والی کالز میں سے 90 فیصد سے زائد کالز غیر ضروری، غیر متعلقہ، بوگس تھیں۔

قصور: مہنگائی کا جن بے قابو: پرائس کنٹرول ایکٹ کی خلاف ورزی جاری

شہریوں سے اشیاء خورد ونوش کے نام پر من مانے دام وصول کئے جانے لگے

قصور (ڈسٹرکٹ رپورٹر) قصور بھر میں مہنگائی کا جن بے قابو پرائس کنٹرول ایکٹ کی خلاف ورزی جاری کوٹ مراد خان، اسٹیل باغ چوک گلبرگ کالونی، کمال چنیٹی چوک، گنڈا سنگھر وڈ بستی قادر آباد، نیا بازار کریانہ منڈی، بھسر پورہ، پیرو والا روڈ، بستی شاہدرہ، کوٹ حلیم خاں و دیگر علاقوں میں شہریوں سے اشیاء خورد ونوش کے نام پر من مانے دام وصول کیے جا رہے ہیں کھجی، چینی، آٹا اور گھریلو اشیاء پر من مانے دام وصول کیے جا رہے ہیں۔ دوسری جانب سبزی منڈی میں بھی سبزیاں اور فروٹ مارکیٹ کمیٹی سے زائد ریٹس پر دھڑلے سے فروخت کیے جا رہے ہیں مین شہباز روڈ پر شاپنگ مالز اور دیگر مارکیٹوں میں مہنگی اشیاء کا کمپیوٹرائزڈ بل تھما دیا جاتا ہے شہریوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہر چیز کے منہ مانگے دام وصول کیے جا رہے ہیں قصور انتظامیہ اور تما پرائس کنٹرول مجسٹریٹس گراں فروشوں کے خلاف فوری کارروائی کریں۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد میڈم سندس ارشاد کا دورہ پنڈی بھٹیاں

گورنمنٹ صفیہ رمضان اسپیشل ایجوکیشن سکول میں میں پودا بھی لگایا



''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

ساتھ ملاقات کے بعد صدر نے پارلیمنٹ کو تحلیل کر دیا ہے۔ پریس ریلیز میں مزید کہا گیا کہ بنگلہ دیش نیشنل پارٹی کی چیئر پرسن خالدہ ضیا کو رہا کر دیا گیا ہے۔ سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد کے استعفے اور ملک سے فرار ہونے کے بعد طلبہ تحریک نے فوجی قیادت یا حمایت والی حکومت قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا اور پارلیمنٹ دوپہر 3 بجے تک تحلیل کرنے کا الٹی میٹم دیا تھا۔ طلبہ تحریک کے رہنما ناہید اسلام، آصف محمود اور ابوبکر مازوم دار نے ویڈیو پیغام کے ذریعے عبوری حکومت کا خاکہ جاری کرتے ہوئے مطالبہ کیا تھا کہ نوبل انعام یافتہ ڈاکٹر محمد یونس کے زیر سربراہی عبوری حکومت قائم کی جائے۔ اس حوالے سے ڈاکٹر محمد یونس نے آمادگی کا اظہار کرتے ہوئے اپنے بیان میں کہا کہ شیخ حسینہ واجد نے شیخ مجیب الرحمان کی میراث تباہ کر دی تھی، بنگلہ دیش اب آزاد ہو گیا ہے۔

بقیہ 2 | بقیہ جات

ملازمین سے وضاحت طلب، پورے سٹاف کی بائیو میٹرک حاضری چیک کی۔ 9:00 حاضری یقینی بنانے کی ہدایت۔ صفائی کے ناقص انتظامات پر سختی برہم، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری گزشتہ روز صبح ٹھیک 9 بجے ڈی جی پی آر کے اچانک دورے پر پہنچ گئیں، انہوں نے ڈی جی پی آر کے تمام دفاتر کا وزٹ کیا اور فرد فرد سٹاف سے تفصیلی انکے کام کی نوعیت سے متعلق دریافت کیا۔ افسران اور ملازمین کی حاضری بھی چیک کی۔ ڈیجیٹل میڈیا کی کارکردگی پر ناراضگی کا اظہار کیا۔

بقیہ 3 | بقیہ جات

رہا کر دیا ہے، ایف آئی آر بھی ختم کر دی گئیں۔ انہوں نے بلوچ یکجہتی کمیٹی سے مطالبہ کیا کہ معاہدے کے مطابق شاہراہوں سے رکاوٹیں ہٹائی جائیں۔ دوسری جانب وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو کا کہنا تھا کہ دھرنے کو پر امن طور پر ختم کرانا چاہتے ہیں، حکومت نے وہ مطالبات بھی تسلیم کیے جو ماننے والے نہیں تھے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ اور بلوچ یکجہتی کمیٹی کے درمیان تحریری معاہدہ ہونے کے باوجود دھرنا ختم نہیں کیا گیا۔ وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ بلوچستان اور گوادر کے عوام سے اپیل ہے کہ صوبے کو مزید اندھیروں میں نہ دھکیلیں۔

بقیہ 4 | بقیہ جات

ہوئے کیا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل اوقاف خالد محمود سندھو اور ایڈمنسٹریٹر اوقاف داتا دربار شاہد حمید ورک کے علاوہ محکمہ پولیس، سیف سٹی اتھارٹی، فوڈ اتھارٹی، لیسکو، میونسپل کارپوریشن، ہیلتھ، ایجوکیشن، ٹریفک، ریسکیو 1122، واسا، سول ڈیفنس سمیت کئی دیگر محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ ایڈمنسٹریٹر اوقاف شاہد حمید ورک نے عرس کی تقریبات، انتظامات اور محکموں کی ذمہ داریوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ عرس کے تینوں ایام میں محافل سماع، محافل قرأت، درس قرآن، درس تصوف اور ختم شریف سمیت وطن عزیز اور امت مسلمہ کیلئے خصوصی دعاؤں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 5 | بقیہ جات

نے کہا کہ آئی پی پیز کا مسئلہ اٹھا ہوا ہے۔ اس پر احتجاج بھی ہو رہا ہے۔ چیئرمین پی پی آئی بی نے اس کو موخر کرنے کا کہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے تو صرف آئی پی پیز کے معاہدوں کی تفصیلات مانگی ہیں۔ کمیٹی چار جز کا ذمے دار کون ہے؟۔ 70، 80 فیصد سے کم صلاحیت والے پلانٹس کیوں چل رہے ہیں۔ عوام کو ریلیف دینا ہمارا ایجنڈا ہے۔ جب یہ آئی پی پیز لگے اس وقت خطے کے ممالک میں کس ریٹ پر معاہدے ہوئے۔ پلانٹس کی ہیٹ ایفیشنسی کا کب کب آڈٹ ہوا۔ آئی پی پیز پورا وفاق اور پنجاب حکومت کی ملکیت ہیں، ان سب کو گرفتار کریں جو ان کے ریڑھ ہیں، شہباز شریف کے لیے کوئی ہیلی کاپٹر نہیں آئے گا، ڈرو اس وقت سے جب نوجوان انقلاب برپا کرتے ہیں، ہمارا ملک معاشی طور پر کھائی میں گر چکا ہے، عمران خان حکومت کا بھوکا نہیں ہے۔

بقیہ 6 | بقیہ جات

کے اقتدار کا خاتمہ کے بعد سابق سفارت کاروں نے اقتدار کے خاتمے کے پیچھے جابرانہ طرز حکومت، بھارت کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ اور معاشی فوائد کے ایک طبقے تک محدود ہونا ہے۔ سابق پاکستانی سفیر ملیحہ لودھی نے کہا کہ شیخ حسینہ واجد نے احتجاجی مظاہرے روکنے کیلئے ہر طریقہ اپنایا مگر ناکام رہیں۔ انہوں نے کہا کہ بنگلادیش میں کس حد تک معاشی ترقی ہوئی یہ کہنا مشکل ہے کیونکہ حال ہی میں بیروزگاری اور مہنگائی میں اضافہ بھی سامنے آیا، جس نے لوگوں کو باہر نکالا۔ سابق سفارت کار اعزاز چوہدری کا کہنا تھا کہ شیخ حسینہ واجد کے طویل اقتدار سے معاشی طور پر بنگلادیش کو کچھ فائدہ ہوا مگر اقتصادی ترقی ایک طبقے تک محدود رہی۔ سابق سفارت کار اعزاز چودھری نے مزید کہا کہ شیخ حسینہ واجد کی حکومت کی بھارت سے بڑھتی دوستی بھی بنگلادیشی عوام کو پسند نہیں آئی۔ سابق سفارت کاروں نے شیخ حسینہ واجد کی حکومت کے خاتمے کو ہندوستان کیلئے بھی سیٹ بیک قرار دیا ہے۔ سابق سفارت کاروں کے مطابق شیخ حسینہ واجد کی حکومت کے خاتمے کے بعد امکان ہے کہ بنگلادیش میں جمہوریت کیلئے راستہ کھلے گا، جابرانہ طرز حکومت کا خاتمہ ہوگا جبکہ خطے میں حکومتوں کو بھی جمہوری رویوں کی قدر کرنے کا مضبوط پیغام جائے گا۔

بقیہ 7 | بقیہ جات

نے مشترکہ طور پر پیش کیا۔ ترمیمی بل کے مطابق انتخابی نشان کے حصول سے قبل پارٹی سرٹیفکیٹ جمع نہ کرانے والا امیدوار آزاد تصور ہوگا، مقررہ مدت میں مخصوص نشستوں کی فہرست جمع نہ کرانے کی صورت میں کوئی سیاسی جماعت مخصوص نشستوں کی حقدار نہیں ہوگی۔ ترمیمی بل میں کہا گیا کہ کسی بھی امیدوار کی جانب سے مقررہ مدت میں ایک مرتبہ کسی سیاسی جماعت سے وابستگی کا اظہار ناقابل تنسیخ ہوگا۔ سنی اتحاد کونسل کے صاحبزادہ صبغت اللہ نے ترمیم پیش کر دی، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے سنی اتحاد کونسل رکن کے ترمیم کی مخالفت کی، رکن اسمبلی صبغت اللہ کی ترمیم کثرت رائے سے مسترد ہوئی۔ علی محمد خان نے الیکشن ایکٹ میں ترمیم پیش کی، وزیر قانون نے علی محمد خان کی ترمیم کی بھی مخالفت کی جس کے بعد علی محمد خان کی ترمیم بھی کثرت رائے سے مسترد ہوگئی۔

بقیہ 8 | بقیہ جات

ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب طلبہ کو سہولیات کی فراہمی میں ہمیشہ کی طرح لیڈ کرے گا۔ ای بائیک پراجیکٹ بائیکس کی فراہمی کا منصوبہ طلبہ کے لئے آسانیاں پیدا کرے گا۔ ذاتی سواری طلبہ کے روزمرہ زندگی میں پیسے اور وقت کی بچت یقینی بنائے گی۔ انہوں نے کہا کہ وقت کی بچت اور سفر میں آسانی طلبہ کی تعلیمی استعداد کار میں بہتری کا سبب بنے گی۔ والدین کے سایہ سے محروم طلبہ کے لئے ای بائیک سکیم میں والدین کی گارنٹی کی شرط ختم کر دی۔ پنجاب کو بھی دنیا کی طرح الیکٹرک ٹرانسپورٹ پر منتقل کرنا چاہتے ہیں۔

بقیہ 9 | بقیہ جات

ایک ٹریلر ہے، شیخ حسینہ واجد کی طرح شریف خاندان بھی تیاری کریں۔ اپنے ایک بیان میں صوبائی مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ صوبائی جلسہ جعلی حکومت کے خاتمے اور بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی کی نوید ہے، علی امین گنڈاپور کی سربراہی میں صوبائی جلسے نے مخالفین کے اوسان خطا کیے ہیں، جلسے نے ثابت کیا کہ بانی پی ٹی آئی عوام کے دلوں کی دھڑکن ہے، لاکھوں کی تعداد میں عوام نے شرکت کر کے جعلی حکومت کو آخری وارننگ دی۔ بیرسٹر سیف نے نے کہا کہ جعلی حکومت سوچ لے یہ مجمع اسلام آباد کا رخ کر لے تو کیا ہوگا، صوبائی سے اسلام آباد صرف ڈیڑھ گھنٹے کے فاصلے پر ہے، جعلی حکومت کے نمائندوں کو چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی، اس عوامی طوفان کی لہریں اسلام آباد کے ایوانوں سے ٹکرائیں گی جس سے جعلی سلطنت فاش فاش ہوگی، شریف خاندان ایک بار پھر لندن بھاگنے کی تیاری کر لیں۔

بقیہ 10 | بقیہ جات

فون کر کے راستہ پوچھ لیں۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ لوگ بانی پی ٹی آئی کا نظریہ نہیں بھولے، کل آپ نے عوام کا جم غفیر دیکھ لیا۔ بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ الیکشن ایکٹ ترمیمی بل کو عدالت میں چیلنج کریں گے، مخصوص نشستوں سے متعلق الیکشن کمیشن کو چار درخواستیں دیں، جس وقت کاغذات نامزدگی فائل کر لیے تو سازش کے تحت نشان لے لیا۔ انہوں نے کہا کہ ہروانے کی کوشش کی لیکن دو تہائی اکثریت سے جیتے، سپریم کورٹ نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف ایک سیاسی جماعت ہے، یہ پارلیمنٹ سپریم ضرور ہے لیکن تشریح کا اختیار سپریم کورٹ کو ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ اس قانون سازی کے ذریعے عدالت کے فیصلے کو ختم کرنا چاہتے ہیں، اپنے آئین کو دیکھیں، یہ آپ کس کے کہنے پر قانون سازی کر رہے ہیں، یہ بل آئین اور قانون کے خلاف ہے۔ بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ اگر آپ سپریم کورٹ کا فیصلہ پڑھ چکے ہوتے تو یہ قانون سازی نہ کرتے، کیا کسی رکن کو حق ہے کہ ایسا قانون پیش کرے جو آئین کے خلاف ہو؟ اپوزیشن کو تو آپ وقت نہیں دیتے، حکومتی ارکان سے بل کا پوچھ لیں ان کو بھی کچھ نہیں پتہ۔ انہوں نے کہا کہ اسپیکر سے مطالبہ ہے ہمارے جبری گمشدہ ارکان سے متعلق خصوصی کمیٹی بنائیں، ہمارا رکن اسمبلی گھر جانا چاہتا تھا نہیں جا سکا، پارلیمنٹ لاجز میں انقلاب ہوا، ہمارے رکن اسمبلی کی موت پارلیمنٹ لاجز میں کیوں ہوئی وہ گھر کیوں نہ جا سکا۔

بقیہ 11 | بقیہ جات

خدارا اب بس کر دیں اور کتنے لوگوں کی جانیں لیں گے۔ انہوں نے انسداد دہشتگردی عدالت میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بنگلہ دیش کی صورتحال سب کے سامنے ہے، میں یہ نہیں کہتی کہ خدانخواستہ اس طرح کے حالات ہوں لیکن صورتحال کچھ زیادہ مختلف نہیں ہے۔ ٹک ٹاک سے حکومت نہیں چلتی ہے۔ مسرت چیمہ نے کہا کہ بنگلہ دیش کے پاکستان سے حالات زیادہ خراب نہیں تھے، وہاں ہر آدمی کی ایک سال میں 4 سے 5 ہزار ڈالر آمدن ہے جبکہ پاکستان میں فی آدمی ایک سال کے 1500 ڈالر بنتے ہیں۔

بقیہ 12 | بقیہ جات

ہے۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بابر اعوان کا کہنا تھا کہ اس حکومت سے پوچھیں تو وہ بتاتے ہیں ہم پر دباؤ ہے، وہ کہتے ہیں ڈیلور نہیں کر سکتے، اگر ڈیلور نہیں کر سکتے تو پھر حکومت چھوڑ دو۔ انہوں نے حکومت کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ بنگلہ دیش میں دھاندلی ہوئی اور اس کا نتیجہ دیکھ لو، کل وہاں فوج نے کہا ہم عبوری حکومت بنائیں گے۔ پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا کہ اسپیکر سے مطالبہ ہے ہمارے جبری گمشدہ ارکان سے متعلق خصوصی کمیٹی بنائیں، ہمارا رکن اسمبلی گھر جانا چاہتا تھا نہیں جا سکا، پارلیمنٹ لاجز میں انقلاب ہوا، ہمارے رکن اسمبلی کی موت پارلیمنٹ لاجز میں کیوں ہوئی وہ گھر کیوں نہ جا سکا۔

بقیہ 13 | بقیہ جات

حکومت جماعت اسلامی سے مذاکرات کے لئے پھر تیار ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات کا تیسرا دور آج ہونے کی توقع ہے، حکومتی ٹیم اور جماعت اسلامی مذاکراتی کمیٹی میں مذاکرات کمشنر آفس میں ہوں گے۔ واضح رہے کہ جماعت اسلامی نے 8 اگست کو دھرنا مارچ کرنے کا اعلان کیا تھا، حافظ نعیم الرحمان نے کہا تھا کہ مطالبات کی منظوری تک دھرنا جاری رہے گا، 14 اگست کے بعد تاجروں سے مشاورت کے بعد ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان کریں گے، دھرنا مارچ کے حوالے سے تفصیلات کل بتاؤں گا۔ بجلی کے بھاری بلوں، ٹیکسوں کی بھرمار، آئی پی پیز کے ساتھ معاہدوں، پٹرول اور گیس کی بڑھتی قیمتوں، مہنگائی سمیت دیگر مطالبات کے لیے جماعت اسلامی کا راولپنڈی کے لیاقت باغ چوک پر جاری دھرنا بارہویں روز میں داخل ہو گیا ہے، اس دوران ملک کے مختلف علاقوں سے مزید قافلے بھی احتجاج کا حصہ بنتے جا رہے ہیں۔

بقیہ 14 | بقیہ جات

جمہوریہ کوریا کے تاریخی اور برادرانہ تعلقات ہیں، پاکستان اور جمہوریہ کوریا زرعی ٹیکنالوجی کی منتقلی کے منصوبوں پر مشترکہ طور پر کام کر رہے ہیں۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ سیڈ پوٹو کمپلیکس کا افتتاح بدھ کو پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل میں ہوگا، اقدام سے بیج کے معیار کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی، دو طرفہ تعاون ملک میں زرعی پیداوار کو بڑھانے اور ترقی کو فروغ دینے کے لیے اہم قدم ثابت ہوگا، ایرو پونکس کے ذریعے آلو کے بیج کی پیداوار پر جدید تحقیق ہو سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ منصوبہ پاکستان کو جدید کوریائی ایرو پونک نظام کی منتقلی میں سہولت فراہم کریگا، پراجیکٹ غذائی تحفظ کے چیلنجوں سے نمٹنے اور پائیدار زراعت کو فروغ دے گا۔ پارک کی جون نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ زرعی شعبے میں تعاون جاری ہے، پاکستان میں زرعی ٹیکنالوجی کی منتقلی میں مدد فراہم کر رہے ہیں، جدید زرعی ٹیکنالوجی کے استعمال کی ضروری تربیت بھی کوریا فراہم کریگا۔

بقیہ 15 | بقیہ جات

سے رابطے میں ہیں بنگلادیش میں پاکستانی ہائی کمشنر سید احمد معروف نے کہا ہے کہ اپنے شہریوں اور خصوصاً زیر تعلیم طلبہ سے رابطے میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بنگلادیش میں جیسے جیسے صورتحال خراب ہونا شروع ہوئی تھی تو ہم نے طلبہ کو فوری طور پر ہائی کمیشن پہنچنے کا کہا، جو طلبہ ہائی کمیشن نہیں پہنچ سکے ان کے ساتھ فون پر رابطہ ہے۔ بنگلادیش میں کام کا معائنہ اور تعمیراتی میٹریل کی کوالٹی سمیت دیگر امور کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ جن میں 85 کروڑ روپے کی لاگت سے ڈی ایچ کیو، ٹی بی ہسپتال اور گورنمنٹ مولا بخش کی تعمیر و مرمت کا کام جاری ہے۔ ان تینوں ہسپتالوں کا 85 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے باقی کو جلد مکمل کر لیا جائے گا۔ اس موقع پر سیکرٹری صحت علی جان، سی او ہیلتھ ڈاکٹر اسد اسلم، ایم ایس ڈاکٹر مشتاق بشیر عاکف اور پرنسپل سرگودہا میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر وارث فروکہ صوبائی وزیر کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 49 | بقیہ جات

ڈی اے طاہر فاروق نے گورننگ باڈی کے ممبران کو ایجنڈے بارے بریفنگ دی۔ اجلاس میں ایل ڈی اے یوڈی ونگ، واسا اور ٹیپا کا بجٹ پیش کیا گیا۔ ایل ڈی اے اتھارٹی کے اجلاس میں مالی سال 24-25 کا بجٹ منظور کر لیا گیا۔ اجلاس میں ایل ڈی اے اور ڈیلی انجینئیوں کا مجموعی طور پر 16.96 ارب کا بجٹ منظور کیا گیا۔ رواں مالی سال کے لیے ایل ڈی اے یوڈی ونگ کا 18.59 ارب، واسا کا 5.34 ارب اور ٹیپا کا 49.2 ارب کا بجٹ منظور کیا گیا۔ اجلاس میں لاہور کی 8 اہم شاہراہوں کی کلاسیفکیشن، ری کلاسفکیشن (کرشلائزیشن) کی اصولی منظوری دیدی گئی۔ اجلاس میں ایل ڈی اے ٹرانسفر آف پراپرٹیز ریگولیشن 2023 میں ترامیم کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں مینجمنٹ آف پراپرٹیز آف لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی لیز رائٹ ریگولیشن 2024 کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں ڈائریکٹوریٹ آف مارکیٹنگ اینڈ بزنس ڈویلپمنٹ کے قیام اور سٹرکچر، پالیسی یونٹ میں ریفارمز اور بھرتیوں کی منظوری دی گئی۔ گلبرگ سکیم میں سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ کے تحت ترقیاتی کاموں کی منظوری دی گئی۔ ایم ایم عالم روڈ کی اربن ری جنریشن و ماڈلنگ کی منظوری دی گئی۔ ایم ایم عالم روڈ پر انڈر گراؤنڈ وائرنگ، کشادہ پارکنگ، پیڈسٹرین واک ویز، سائیکلنگ لین، اسفالٹ و دیگر کام کیے جائیں گے۔ گلبرگ سکیم میں رین واٹر ہارویسٹنگ سسٹم، فٹ پاتھ، پیڈسٹرین واک ویز، سائیکلنگ لین، سولر لائٹس، گرین بیلٹس و پارک کی بحالی، اسفالٹ و دیگر کام کیے جائیں گے۔ اجلاس میں چیف انجینئر ایل ڈی اے، چیف انجینئر ٹیپا، ایم ڈی واسا، ایڈیشنل ڈی جیز، ڈائریکٹر ایڈمن، ڈائریکٹر ایس اینڈ آئی، چیف ٹاؤن پلانرز، چیف میٹروپولیٹن پلاننگ، کمشنر لاہور آفس، محکمہ ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ، محکمہ فنانس، پی اینڈ ڈی، لوکل گورنمنٹ، ایس پاک، متعلقہ افسران اور دیگر محکموں کے نمائندگان نے شرکت کی۔

بقیہ 50 | بقیہ جات

وزیر اعظم شہباز شریف نے بجلی کے بلوں کی ادائیگی کی تاریخ میں توسیع کی ہدایت کی تھی جس کے بعد ملک بھر میں بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں نے بلوں کی ادائیگی کی تاریخ میں توسیع کی ہے۔

بقیہ 51 | بقیہ جات

بنگلادیشی میڈیا کا کہنا تھا کہ شیخ حسینہ کی نئی دہلی میں مقیم اپنی بیٹی صائمہ واجد سے بھی ملاقات متوقع ہے۔ قبل ازیں بنگلادیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد فوجی ہیلی کاپٹر کے ذریعے بھارت پہنچیں تھیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق شیخ حسینہ واجد فوجی ہیلی کاپٹر کے ذریعے بھارتی شہر اگرتلہ پہنچیں، بھارت شیخ حسینہ کو محفوظ راستہ فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ 52 | بقیہ جات

پاسپورٹ کے اجراء میں تاخیر سے متعلق توجہ مبذول نوٹس کا جواب دیتے ہوئے وزیر پارلیمانی امور سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ 2004ء میں اس وقت کی ضروریات کے مطابق مشینری اور سافٹ ویئر لگایا گیا تھا مگر اب پاسپورٹ کی ڈیمانڈ بڑھ کر روزانہ 45 ہزار ہو چکی ہے، اس کے علاوہ مشنز کی تعداد بھی 20 سے بڑھ کر 92 ہو گئی ہے اور پاسپورٹ کے دفاتر بھی بڑھ گئے ہیں، ان ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے نئی مشینری اور جدید پرنٹرز درآمد کرنے کیلئے ٹینڈرز کر لئے گئے ہیں، آئندہ ماہ ستمبر کے آخر تک یہ سسٹم کام شروع کر دے گا جس کے بعد روزانہ 26 ہزار کی بجائے 55 سے 60 ہزار پاسپورٹ تیار ہونا شروع ہو جائیں گے۔ توجہ مبذول نوٹس پر آغا سید رفیع اللہ اور سحر کامران کی طرف سے اٹھائے گئے سوالات کا جواب دیتے ہوئے وزیر پارلیمانی امور اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ حکومت نے اس معاملے پر فوری ایکشن لیا ہے، اگر کوئی کارروائی نہ کی جاتی تو پھر توجہ مبذول نوٹس کو کمیٹی کے سپرد کرنے پر کوئی اعتراض نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ ستمبر کے آخر تک یہ آلات کی تنصیب ہونا شروع ہو جائے گی جس کے بعد پاسپورٹ کی پرنٹنگ کی تعداد بھی بڑھ جائے گی۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بلاشبہ سیاہی اور لیمینیٹڈ پیپر کے مسائل تھے جنہیں حل کیا جا رہا ہے، آئندہ 2 ماہ میں صورتحال بہتر ہو جائے گی۔

بقیہ 53 | بقیہ جات

جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ اللہ نے ایمان والوں سے کہا ہے ایمان ایسا لاؤ جیسا صحابہ کرامؓ لائے صحابہ کرامؓ بھی ہمارے اہلبیتؓ بھی ہمارے ہیں، ملک میں نظام خلافت راشدہ کو فوری نافذ کیا جائے اور توہین صحابہ کا ارتکاب کرنے والے افراد کے لئے عبرتناک سزا کا قانون نافذ کیا جائے اور خلفائے راشدین اور اہلبیت اطہار کی عظمت اور تعارفی مواد کو تعلیمی نصاب میں شامل کیا جائے۔

بقیہ 54 | بقیہ جات

نہیں تھیں، بعد میں پولیس نے بتایا کہ ان کی بیٹیوں نے درخت سے رسی کا پھندا گلے میں ڈال کر خودکشی ہے جبکہ یہ خودکشی نہیں بلکہ انہیں قتل کیا گیا ہے۔ والدہ کا کہنا ہے کہ برادری کے دو لڑکے رات کو گھر سے لڑکیوں کو ساتھ لے گئے تھے، کیا پتا انہوں نے قتل کر کے لاشیں لٹکائی ہوں۔ والد نے پولیس کو بتایا کہ جن دو لڑکوں پر اس واقعہ میں ملوث ہونے کا ہمیں شک ہے ان کی لڑکیوں کے ساتھ تصاویر ملی ہیں اور یہ تمام شواہد پولیس کے حوالے کیے ہیں۔ دو بہنوں کی موت خودکشی ہے یا قتل اب تک پولیس تعین نہ کر سکی جب کہ متاثرہ خاندان کا مطالبہ ہے کہ ان کی بیٹیوں کے قتل میں ملوث افراد کو گرفتار کر کے انہیں انصاف فراہم کیا جائے۔ دوسری جانب تھرپارکر میں رواں سال میں اب تک 95 افراد زندگی کی بازی ہار گئے جسے پولیس نے خودکشی کے واقعات قرار دیے تاہم بیشتر ایسے کیسز ہیں جس میں پولیس نے پوسٹ مارٹم کرائے بغیر انہیں خودکشی قرار دیا۔

بقیہ 55 | بقیہ جات

طرح اب ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ میں حصہ لینے والے طالب علم 8 ہزار روپے فی کس جمع کروائیں گے۔ گزشتہ سال یہی ایم ڈی کیٹ فیس 5 ہزار روپے تھی۔ خیال رہے کہ میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالجز ایڈمیشن ٹیسٹ 22 ستمبر کو ملک بھر میں منعقد ہوگا۔ انتظامیہ نے بتایا ہے کہ پی ایم ڈی سی کی ویب سائٹ پر رجسٹریشن کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 56 | بقیہ جات

بلدیاتی بنگلادیش کے آئین کے مطابق ہونی چاہیے۔ ترجمان امریکی محکمہ خارجہ میتھیو ملر نے مزید کہا کہ بنگلادیش میں احتجاج کے دوران ہونے والی ہلاکتوں پر شدید افسوس ہے۔

بقیہ 57 | بقیہ جات

کمیٹی کے فیصلے کا از سر نو جائزہ لے کر ابہام کو دور کرے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ اسلام گواہ ہے کہ امت مسلمہ نے کبھی بھی کسی جھوٹے مدعی نبوت کو برداشت نہیں کیا۔ اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے عقیدہ ختم نبوت کا دفاع کیا۔ قرون اولی سے لے کر آج تک پوری امت مسلمہ کا اجماع چلا آ رہا ہے کہ حضور اکرم ﷺ کے بعد نبوت کا دعوی کفر ہے۔ ہم پاکستان کی قومی اسمبلی میں تحفظ ختم نبوت کے لیے موثر آواز اٹھانے پر تمام جماعتوں کے ممبران کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 43 | بقیہ جات

تھے علامہ ریاض ہزاروی نے زاہد چشتی کو راوی ٹاؤن فیس ون شاہدرہ کا صدر زوہیب قادری کو جنرل سیکرٹری علامہ زرداد فاروقی کو ڈپٹی جنرل سیکرٹری، سوشل میڈیا انچارج محمد فہیم قادری، اہلسنت خدمت فاؤنڈیشن صدر میاں شکیل احمد قادری کو منتخب کیا، علامہ ریاض ہزاروی نے کارکنان اور ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 7 ستمبر کا دن عالم اسلام کے لیے یوم فتح مبین ہے، تحریک ختم نبوت ﷺ میں ہزاروں عاشقان رسول نے اپنی جانوں کے نظرانے پیش کیے تھے، سات ستمبر قومی اسمبلی سے قادیانیوں کو اقلیت قرار دلانے والے ممبر کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں۔ عقیدہ ختم نبوت صل اللہ علیہ والہ وسلم ہمارا ایمان ہے اور اس پر کسی طرح سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا تحریک ختم نبوت میں ہزاروں عاشقان رسول نے اپنی جانوں کے نظرانے پیش کیے تھے، قومی اسمبلی میں تحفظ ختم نبوت کے لیے موثر آواز اٹھانے پر تمام جماعتوں کے ممبران کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 44 | بقیہ جات

بنا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلی مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلی مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد نیمو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئے روز پٹرولیم مصنوعات اور بجلی و گیس کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا جاتا ہے جس کا براہ راست اثر غریب عوام پر پڑتا ہے۔ آج صورتحال یہ ہو گئی کہ عوام پریشان ہیں کہ دو وقت کی روٹی پوری کریں یا یوٹیلیٹی بلز ادا کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو موجودہ بحرانی صورتحال سے نکالنے کیلئے ضروری ہے کہ صاف و شفاف انتخابات کرائے جائیں اور اقتدار عوام کے حقیقی نمائندوں کے حوالے کیا جائے۔

بقیہ 45 | بقیہ جات

ہزار 680 مربع فٹ زمین بلوچستان حکومت کو عطیہ کر دی ہے۔ قاضی خاندان نے ارباضی حکومت کو دینے کے لیے بلوچستان حکومت کو خط لکھا ہے۔ خط پر چیف جسٹس آف پاکستان قاضی فائز عیسیٰ اور قاضی عظمت عیسیٰ کے دستخط بھی موجود ہیں۔ خط کے متن کے مطابق 77 ویں جشن آزادی کے موقع پر قاضی فیملی نے اپنی زمین قوم کے لیے عطیہ کی ہے۔ خط کے مطابق عطیہ کی گئی اراضی زیارت میں قائد اعظم ریذیڈنسی کے ساتھ واقع ہے، اراضی عوام کے مفاد میں بطور انوائرنمنٹل سینٹر استعمال کے لیے ہوگی، قاضی خاندان کی یہ اراضی 14 اگست سے حکومت کے سپرد کی جائے گی۔

بقیہ 46 | بقیہ جات

کی جعلی لیبلنگ کرنے اور پیور فوڈز لیمیٹڈ کی سٹین خلاف ورزیوں پر 2 یونٹس کیخلاف مقدمات درج کروائے گئے اور 2 ملزمان کو موقع سے گرفتار بھی کروا دیا گیا۔ جعلی کولڈ ڈرنکس کا منفرد لیبل بنا کر اصل جیسی قلی بوتل میں مضر صحت محلول کی بھرائی کی جا رہی تھی۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا جنوری 2024 سے ایبنک ملاوٹ مافیا کے خلاف مارچ 2023 کی نسبت 84.6 فیصد آپریشنز زیادہ کیے گئے۔ 114.76 فیصد مقدمات، 140.87 فیصد کاروبار بند اور 114.76 فیصد جرمانے سال 2023 کی نسبت زیادہ کیے گئے جس میں علاوہ ازیں جنوری سے اب تک 5 لاکھ 64 ہزار 152 فوڈ بزنسز کی چیکنگ جبکہ دوران 70 کروڑ 10 لاکھ 99 ہزار کے جرمانے عائد کیے گئے جبکہ 1780 یونٹس اور فوڈ بزنس بند کر کے جعلسازی پر 582 مقدمات درج کروائے گئے مزید کہا کہ سال 2023 کی نسبت 58.281 فیصد زیادہ ملک پوائنٹس کی چیکنگ کی گئی۔ 7 ماہ میں 21 کروڑ لاکھ 43 لاکھ لیٹر سے زائد دودھ کی چیکنگ کو یقینی بنایا گیا۔ عاصم جاوید کا کہنا تھا سال 2023 کی نسبت دودھ تلف کی شرح منفی میں رہی اور 10 لاکھ 63 ہزار 763 لٹر دودھ تلف کیا گیا مزید برآں 7 ماہ میں 2 لاکھ 99 ہزار کلو گوشت، 58 ہزار 400 کلو مصالحہ جات، 64 ہزار 684 کلو ناقص گھی، 3 لاکھ 68 ہزار 838 لٹر پانی اور بیور جز تلف کی گئیں۔ عاصم جاوید نے مزید کہا ہم 3 لاکھ ٹریننگ، 3 لاکھ میڈیکل سکریننگ کو یقینی بنائیں گے جبکہ 2 لاکھ فوڈ بزنس کو لائسنس ایشو کر کے رجسٹر کرنے کا ٹارگٹ ٹیموں کو دیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے حکم پر ملاوٹ اور جعلسازی کرنے والوں کے گرد شکنجہ مزید سخت کر دیا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے بتایا جرمانوں، مقدمات اور کاروبار بند کرنے کا مقصد کسی کو متاثر کرنا ہرگز نہ ہے، اصلاح ضروری ہے۔ پنجاب میں خوراک میں جعلسازی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، خوراک کا کاروبار کرنے والے خبردار رہیں۔ بار بار نوٹس اور جرمانوں کے باوجود اصلاح نہ کرنے پر سخت کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔ شہری اپنی صحت

یوم آزادی 14 اگست کو وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر عظیم الشان دھرنا دیں گے، ضیاالدین انصاری

پرامن دھرنا دینے جارہے ہیں اس لیے ہمارے راستہ کی رکاوٹ نہ بنا جائے، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن لاہور دھرنے سے خصوصی خطاب بھی کریں گے۔

حکومت بیک ڈور سے دھرنا ختم کرنے کیلئے منتیں کر رہی ہے جبکہ میڈیا پر انکاری ہے، اب یہ منافقت نہیں چلے گی، امیر جماعت اسلامی لاہور

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور رضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے امیر جماعت اسلامی وسطی صوبہ پنجاب محمد جاوید قصوری اور دیگر ڈسٹرکٹ لاہور کے ذمہ داران کیساتھ مشاورت کے بعد اعلان کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی لاہور میں دھرنے کے لیے تیار ہے۔ جماعت اسلامی 11 اگست کو وزیراعلیٰ ہاؤس پنجاب اور لاہور کی پریس کلب کے باہر دھرنا دیگی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب، آئی جی پنجاب اور لاہور کی انتظامیہ کو بتانا چاہتے ہیں کہ عوام کے بنیادی حقوق کیلئے دیا جانے والے دھرنے راولپنڈی کراچی اور اب لاہور میں بھی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34



لاہور امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاالدین انصاری 11 اگست کو وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر دھرنا کا اعلان کررہے ہیں

صوبائی وزیر لیبر فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

پنجاب سوشل سیکیورٹی فیلڈ ڈائریکٹرز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر لیبر فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا، اجلاس میں پنجاب سوشل سیکیورٹی فیلڈ ڈائریکٹرز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ وائس کمشنر پنجاب سوشل سیکیورٹی ذوالفقار علی کھرل کی ڈائریکٹوریٹس کی کارکردگی بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی جی ہیلتھ آرارز اظہر حسین سہنار، پنجاب بھر میں قائم سوشل سیکیورٹی ڈائریکٹوریٹس کے ڈائریکٹرز و دیگر متعلقہ افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں 14 سال

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

''یوم تحفظ ختم نبوت ﷺ'' آج بھرپور طریقے سے منایا جائیگا، مرکزی علما کونسل

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی علما کونسل پاکستان ساجد نواز نقوی اور نائب محمود قاسمی نے کہا کہ آج (بدھ) ''یوم ختم نبوت ﷺ'' بھرپور طریقے سے منایا جائیگا۔ 7 ستمبر پاکستان کی تاریخ میں ایک اہم دن ہے، جب قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا، نبوت کا دروازہ ہمیشہ کیلئے بند ہو چکا عقیدہ ختم نبوت کی حفاظت ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ختم نبوت اسلامک ریسرچ سنٹر اور مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام منعقدہ ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقعہ پر مولانا محمد مشتاق الاہوری، مولانا حافظ ابوسفیان قاسمی، مولانا محمد شعیب صدیقی، مولانا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

منڈی بہاؤالدین، کالا جادو کرنے کے شبے میں 2 افراد قتل

پولیس نے مقتولین کے اہل خانہ کی شکایت پر قتل کے 2 الگ الگ مقدمات بھی درج کرلیے

منڈی بہاؤالدین (این این آئی) ضلع منڈی بہاؤالدین میں 2 افراد کو کالا جادو کرنے کے شبے میں قتل کردیا گیا، ایس ضلع کے مختلف مقامات پر تشدد بنا کر موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ مقتولین میں 55 سالہ خاتون کلثوم اور 25 سالہ فشر شامل ہیں۔ قتل کی یہ وارداتیں پھالیہ اور صدر تھانوں کی حدود میں پیش آئیں جبکہ قاتل موقع واردات سے فرار ہوگئے۔ پولیس نے مقتولین کے اہل خانہ کی شکایت پر قتل کے 2 الگ الگ مقدمات بھی درج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

پی جوا کمی کیس، کم سن لڑکی گجرات سے بازیابی کے بعد والدہ کے حوالے

اسلام آباد (این این آئی) کم سن پی جوا کمی کیس میں ضلعی سالہ لڑکی کو گجرات سے بازیابی کے بعد اسلام آباد ایکسٹرٹ میں پیش کردیا گیا جس سے والدہ کے حوالے سے کردیا گیا۔ اسلام آباد کے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے پی جی او کمی اغوا کیس کی سماعت کی۔ عدالتی احکامات پر وفاقی پولیس نے پی جی او گجرات سے بازیاب کرکے عدالت میں پیش کیا، عدالت نے بچی کو والدہ کے حوالے کرتے ہوئے بچی کی بازیابی کی درخواست نمٹادی۔ طلاق کے بعد سابقہ شوہر کی جانب سے ڈھائی سالہ بچی پھیچے جانے کے خلاف والدہ نے درخواست دائر کی تھی۔

اسلحہ برآمدگی کیس، پی ٹی آئی کو آرڈیننس جاری ہونے تک عبوری ضمانت

درخواست ضمانت پر جواب طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے اسلحہ برآمدگی کیس میں احمد وقاص جنجوعہ کی درخواست ضمانت بعد از گرفتاری پر فریقین سے جواب طلب کرلیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب اور جسٹس طارق محمود جہانگیری پر مشتمل ڈویژن بنچ نے سماعت کی۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے ریمارکس دیئے کہ وکیل کی آگاہی کیا کہ آپ صحیح سے آئے ہوئے ہیں؟ ہماری ایڈمنسٹریشن بہت سیٹنگ ہے۔

شیر افضل مروت کو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی دعوت

شیر افضل مروت کی بنیادی رکنیت کا نوٹیفکیشن جاری ہونا غلط فہمی ہے، بیرسٹر گوہر

چلیں۔ انہوں نے کہا کہ شیر افضل مروت کی بنیادی رکنیت کا نوٹیفکیشن جاری ہونا غلط فہمی ہے، اکاکا معاملہ ہمارا پارٹی کا اندرونی معاملہ ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ شیر افضل مروت ہمارے ساتھ ہیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40



لاہور، صدر مرکزی انجمن تاجران اور پاکستان طاہر پوہدو دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

بیرسٹر گوہر کی شیر افضل مروت سے ملاقات

شیر افضل مروت کو پی ٹی آئی میں شمولیت کی دعوت دی ہے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان نے شیر افضل مروت کو پی ٹی آئی میں شمولیت کی دعوت دی ہے۔ منگل کو شیر افضل مروت سے ملاقات کے دوران چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ میں تو کہتا ہوں ابھی



نرسنگ آفیسر گریڈ 19 زمرہ خواتین سرمد ہسپتال لاہور کی کوارٹر مینیجر مقرر

لاہور (خبر نگار) صمد ر پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور و مہر قومی اسمبلی ملک سیف الملوک کھوکھر نے محکمہ صحت پنجاب کی گریڈ 19 کی نرسنگ آفیسر مدیحہ خورشید کو سرمد ہسپتال لاہور کا کوارٹر مینیجر مقرر کردیا ۔ منگل کے روز زمرہ خورشید نے ایم ایس سرمد ہسپتال سے ملاقات کی ۔ اس موقع پر منتظمہ نے انہیں نے کہا کہ صحت کا شعبہ صحت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔

7 ستمبر کا دن عالم اسلام کے لیے یوم فتح مبین ہے، پاکستان سنی تحریک

قادیانیوں کو اقلیت قرار دلانے والے ہر اسمبلی کا مستقل تقاضا ہے، علامہ ریاض ہزاروی

تحریک ختم نبوت ﷺ میں ہزاروں عاشقان رسول نے اپنی جانوں کے نظرانے پیش کیے تھے

لاہور (این این آئی) صدر پاکستان سنی تحریک و سنی تحریک کے لاہور علامہ سعید قادری رہنما پاکستان سنی تحریک کے لاہور علامہ نعمان شاکر اور سیم قادری موجود

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

مہنگائی کے طوفان نے زندگی اجیرن بنادی، قاری اعظم حسین

موجودہ حکومت ہر شعبے میں ناکام ہوگئی ملک میں نہ تھمنے والی مہنگائی نے عوام کی مشکل بنادی

آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک سے ڈالر لینے والے آپس میں ہاتھ کرملک کو مزید مقروض بنارہے ہیں

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) کے امیر مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ مہنگائی کے طوفان نے زندگی اجیرن بنادی، موجودہ حکومت ہر شعبے میں ناکام ہوگئی ملک میں نہ تھمنے والی مہنگائی نے عوام کی مشکل بنادی ہے۔ آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک سے ڈالر لینے والے آپس میں ہاتھ کرملک کو مزید مقروض

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

ڈاکٹر شاہد صدیق قتل میں بیٹا ملوث ہونے کے بعد مزید حیران کن انکشافات

ملزم نعیم آئس کا نشہ کرتا تھا، چندماہ قبل اپنے ہی گھر میں چوری کی وارادت بھی کروائی، پولیس ذرائع

مقتول اپنے بیٹے نعیم کو 13 کروڑ کی گاڑی لے کر دینا چاہتا تھا، بیٹا ملوث ہونے کے بعد گاڑی کے لالچ میں قتل کیا، ذرائع

لاہور (کرائم رپورٹر) تحریک انصاف کے پانی مہم راہ حق پارٹی کے مالک ڈاکٹر شاہد صدیق قتل کیس میں بیٹے کے ملوث ہونے کے بعد مزید حیران کن انکشافات سامنے آئے ہیں۔ ارگنائزڈ کرائم پولیس ذرائع کے مطابق دوران تفتیش ملزم نعیم آئس کا نشہ کرتا تھا، چندماہ قبل اپنے ہی گھر میں چوری کی وارادت بھی کروائی تھی پولیس ذرائع



منصب ختم نبوت کی حفاظت امت مسلمہ کے ایمان بنیاد ہے، متحدہ علما کونسل

آقا کائنات ﷺ کی ناموس پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں ہر مسلمان نبی کریم کی ناموس اور ختم نبوت پاکستان کا پاسبان ہے

سپریم کورٹ آف پاکستان قادیانی مبارک ثانی کیس کے فیصلے کا آئینی حکم کے مطابق کالعدم قرار دے، مرکزی صدر مولانا عبدالرشید ارشد و دیگر نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ منصب ختم نبوت کی حفاظت امت مسلمہ کے ایمان بنیاد ہے، آقا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

چیف جسٹس قاضی فائز اور ان کے خاندان نے 31 ہزار 680 مربع فٹ زمین بلوچستان حکومت کو عطیہ کردی

اسلام آباد (این این آئی) 77 ویں آزادی کے موقع پر چیف جسٹس آف پاکستان قاضی فائز عیسیٰ اور ان کے اہل خانہ کی جانب سے 31 ہزار 680 مربع فٹ زمین بلوچستان حکومت کو عطیہ کردی گئی۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ اور ان کے خاندان نے 31

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45



سرگودھا صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر تھیٹر گونٹ فوڈ انرجیہ کارڈیالوجی ہسپتال کا معائنہ کررہے ہیں

کارڈیالوجی ہسپتال حکومت کا المیاں سرگودھا کو تحفہ ہے، خواجہ عمران نذیر

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا کارڈیالوجی ہسپتال کی تعمیر کیلئے رواں سال 9 ارب 86 کروڑ روپے کے مختص فنڈز جاری کرنے کا حکم

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف جلد اس ہسپتال مخصوصیہ کا باقاعدہ سنگ بنیاد رکھیں گی، صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر نے سرگودھا میں 19 ارب روپے کی لاگت سے 97 کنال اراضی پر زیر تعمیر گورنمنٹ فوڈ سپیشلٹی کارڈیالوجی ہسپتال کا دورہ کیا

قومی اسمبلی میں بھارتی آئین میں ترمیم سے متعلق قرارداد منظور

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں بھارتی آئین میں ترمیم سے متعلق قرارداد بھی پیش کی گئی جسے منظور کرلیا گیا۔ ہمود خان اچکزئی نے بھارت کے خلاف قرارداد کی مخالفت کی۔ منگل کو منظور کردہ قرارداد میں کہا گیا کہ 5 اگست 2019ء کے بھارتی غیر قانونی اقدامات کے پیچھے، اس دن کو پاکستان یوم استحصال کشمیر کے طور پر مناتا ہے،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

پنجاب فوڈ اتھارٹی ٹیموں کے طویل ریکی کے بعد دو یونٹس پر چھاپے

4700 کلو سے زائد مضر صحت جعلی پتی، 13000 لٹر جعلی مضر صحت کولڈ ڈرنکس ضبط

پنجاب میں خوراک میں جعلسازی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، بلال یاسین

لاہور (نیشنل رپورٹر) صحت و نمی عناصر کے لیے پنجاب کی زمین تنگ کر دی گئی ہے، پنجاب فوڈ اتھارٹی لاہور کی ٹیموں نے طویل ریکی کے بعد شیر پھاپے مارے ولاز اور ٹاؤن شپ میں دو یونٹس پر چھاپے مارے اور 4700 کلو سے زائد مضر صحت جعلی پتی،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

لاہور، وزیر خوراک پنجاب بلال یاسین جعلی پتی بنانے والے پوائنٹ پر کارروائی کررہے ہیں

بلاشبہ سیاہی اور لیمینیٹڈ پیپر کے مسائل تھے جنہیں حل کیا جارہا ہے، اعظم نذیر تارڑ

آئندہ ماہ کے آخر تک پاسپورٹ کی پرنٹنگ کی صلاحیت بڑھا کر روزانہ 55 سے 60 ہزار ہو جائیگی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و پارلیمانی امور اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ آئندہ ماہ (ستمبر) کے آخر تک پاسپورٹ کی پرنٹنگ کی صلاحیت بڑھا کر روزانہ 55 سے 60 ہزار ہو جائے گی جس کے بعد پاسپورٹ کے اجراء میں تاخیر کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ سٹی کونسل آسمبلی کے اجلاس میں آنسو ایمرجنسی اللہ اور سرکاری سرکار کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد کی زیر صدارت گورننگ باڈی اجلاس

گورننگ باڈی اجلاس میں ایل ڈی اے، ڈی ایکسیئنشن کا مجموعی طور پر 96.16 ارب کا بجٹ منظور

لاہور (این این آئی) لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی پہلے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں لمبر ایل ڈی اے اتھارٹی و مہر صوبائی اسمبلی احسان ریاض، فیصل صفدر، سلطان احمد چنڑ و ممبر ٹیکنیکل عبدالخالق اور ایکسرٹیو نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈی جی ایل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49



لاہور وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد گورننگ باڈی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ایف آئی جی فنانس ایس ایس پی محمد نوید کی صدارت میں پولیس ملازمین کی پنشن کمیٹی کا اجلاس

تمام ملازمین کے پنشن کیسز بذریعہ ایف ایم ایس سسٹم آن لائن تیار کئے جائیں، محمد نوید

تمام ملازمین کا سروس پروفائل ریٹائرمنٹ سے قبل ہی ایف ایم ایس کے ذریعے اپ ڈیٹ کیا جائے، اے آئی جی فنانس

لاہور (این این آئی) اے آئی جی فنانس ایس ایس پی محمد نوید کی زیر صدارت پولیس ملازمین کی پنشن سے متعلقہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اے آئی جی فنانس محمد نوید نے پولیس ملازمین کے زیر التوا پنشن کیسز کی جلد تکمیل بارے احکامات جاری کئے۔ اے آئی جی فنانس نے کہا کہ تمام ڈی آئی جیز، ریجنل آفیسرز کو پنشن امور سے متعلقہ افسران اے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

صحابہؓ و اہلبیتؓ کو تارکیں نہ دیکھیں یہ قرآنی شخصیات ہیں، سنی علما کونسل

صحابہؓ و اہلبیتؓ معیار حق ہیں دونوں میں خوبیاں ہی خوبیاں نظر آتی ہیں، مولانا حافظ حسنین احمد

لاہور (این این آئی) معیار حق ہیں دونوں میں خوبیاں ہی خوبیاں نظر آتی ہیں، مولانا حافظ حسنین احمد نے کہا ہے کہ صحابہؓ و اہلبیتؓ کو تارکیں نہ دیکھیں یہ قرآنی شخصیات ہیں، صحابہ کرامؓ معیار حق ہیں ہمیں صحابہؓ و اہلبیتؓ معیار حق ہیں، یہ اپنے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

ملک کے مختلف شہروں میں بارشوں کے باعث سیلابی صورتحال پیدا ہوگئی

گلگت بلتستان اور سندھ کے کئی علاقوں میں متعدد دیہات زیر آب

کراچی، بلتستان، چترال (این این آئی) ملک کے مختلف شہروں میں بارشوں کے باعث سیلابی صورتحال پیدا ہوگئی ہے، گلگت بلتستان، بلوچستان اور سندھ کے کئی علاقوں میں متعدد دیہات زیر آب آگئے جبکہ بنگلوز، ایکڑ پر کھڑی فصلوں کو شدید نقصان پہنچا ہے، گلگیٹ بلتستان سے گلگت کے مالاکہ زمین آباد کے برساتی نالے میں سیلاب نے زرعی زمین زیر آب آگئیں، استور میں پرھینگ کے مقام پر گزشتہ روز آسمانی بجلی گرنے اور سیلابی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

صحابہؓ و اہلبیتؓ معیار حق ہیں، محمود اصغر عثمانی

ہمارا مشن، ہر گھر، ہسپتال میں ریڈیو کے سرجری متعارف کرانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے صحت ڈاکٹر شاہد اکرام بھرتھ نے کہا کہ صحت کے شعبے میں بہتری اور اصلاحات ہمارا ایجنڈا اور مشن ہے، پاکستان انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) ہسپتال میں ریڈیک سرجری متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، سرجری کے شعبے میں ترقی کے لئے 1465 ملین کی پی ڈی ون منظور کیا گیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63

ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کی فیس میں 33 فیصد کا بڑا اضافہ

ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس میں داخلے لینے والے طالب علموں کی مشکلات میں مزید اضافہ

والے طالب علموں کی مشکلات میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ پی ایم ڈی سی نے رواں سال واحد ٹیسٹ کی فیس میں 33 فیصد کا اضافہ کردیا ہے۔ اس سال ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس میں داخلے لینے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

بنگلا دیش کی صورتحال کا بغور جائزہ لے رہے ہیں، امریکا

اقتدار کی منتقلی بنگلا دیش کے آئین کے مطابق ہونی چاہیے، ترجمان محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ نے کہا ہے کہ امریکا بنگلا دیش کے عوام کے ساتھ کھڑا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ترجمان امریکی محکمہ خارجہ کا کہنا تھا کہ بنگلا دیش میں تمام

ٹیمی نے والدہ کو بنگلہ دیش چھوڑنے پر مجبور کیا، پلٹے کا انکشاف

ڈھاکا (این این آئی) وزارت اعظمیٰ کے مشیر سے مستعفی ہونے کے بعد شیخ حسینہ واجد بنگلا دیش چھوڑ کر نہیں جانا چاہتی تھیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق شیخ حسینہ واجد کے بیٹے جیب واجد نے یہ انکشاف بھارتی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ شیخ حسینہ واجد مستعفی ہونے کے بعد اپنے ملک میں ہی رہنا چاہتی تھیں لیکن فیملی کے اصرار کرنے پر وہ بنگلا دیش چھوڑ کر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

کوہاٹ میں تیل وگیس کی نئی دریافت کا اعلان

راگیار ایکسپلوریٹری کنواں 1 کی کھدائی 9 جنوری 2024 کو شروع کی گئی، او جی ڈی سی ایل

اسلام آباد (این این آئی) او جی ڈی سی ایل کے مطابق کوہاٹ میں تیل وگیس کی نئی دریافت کا اعلان کردیا۔ ترجمان او جی ڈی سی ایل کے مطابق راگیار ایکسپلوریٹری کنواں 1 کی کھدائی 9 جنوری 2024 کو شروع کی گئی جہاں سے ایک روز 64 ایم ایم ایس سی ایف گیس حاصل ہوئی ہے۔ او جی ڈی سی ایل کے مطابق کنواں 1 سے 159 بیرل یومیہ خام تیل کی بھی پیداوار حاصل ہوئی ہے۔

پیپلز پارٹی جمہوریت پر کوئی آنچ نہیں آنے دے گی عبدالغفور خان

ہم جانتے ہیں ایسا نظام لایا جائے جس سے ملک قرضوں کے دلدل سے نکل سکے، بیان

عبدالغفور خان نے کہا کہ پیپلز پارٹی جمہوریت پر یقین رکھتی ہے، جمہوریت کا بیلا ایسے سب سے زیادہ پیپلز پارٹی نے نکالی ہے، پیپلز پارٹی نے ہی ہمیشہ جمہوریت اور مفاہمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے ہم چاہتے ہیں کہ ملک میں ایسا نظام لایا جائے جس سے ملک قرضوں کے دلدل سے نکل سکے، انہوں نے اپنے بیان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

(ن) لیگ کی ہر حکومت میں پاکستان ترقی کی جانب گامزن ہوا، ارشاد صدیق میو

پاکستان کے استحکام کے لیے 9 مئی کے کرداروں کا جیل میں رہنا ضروری ہے، رہنما مسلم لیگ (ن)

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما ارشاد صدیق میو نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی ہر حکومت میں پاکستان ترقی کی جانب گامزن ہوا ہے، پاکستان کے استحکام کے لیے 9 مئی کے کرداروں کا جیل میں رہنا ضروری ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ آگست کا مہینہ ہے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

پاورڈویژن نے ملک کو نا کام کر دیا، 9 سالوں سے ایک جیسی کہانیاں سن رہے ہیں، شبلی فراز

ہم موسمیاتی تبدیلیوں کو خود اچھی طرح تے جانتے ہیں، پاورڈویژن نے ملک کو نا کام کر دیا ہے، اپوزیشن لیڈر

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ میں اپوزیشن لیڈر شبلی فراز نے کہا ہے کہ گزشتہ 9 سال سے ایک جیسی کہانیاں سنتا آرہا ہوں، ہم موسمیاتی تبدیلیوں کو خود اچھی طرح تے سے جانتے ہیں، پاور ڈویژن نے ملک کو نا کام کر دیا ہے۔ گزشتہ روز سینیٹر محسن عزیز کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64



لاہور ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید شیخ چھاپے مارنے کے بارے میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

ABC CERTIFIED
روزنامہ قوت
14 AUGUST
HAPPY INDEPENDENCE DAY
پاکستان زندہ باد
پاکستان زندہ باد
اطلاع برائے نمائندگان
14 اگست یوم آزادی کے عظیم الشان موقع پر روزنامہ قوت خصوصی اشاعت کا اہتمام کررہا ہے، تمام نمائندگان اپنے اشتہارات انٹرویوز 12 اگست 2024 تک ادارہ کو میل کریں تاکہ اچھی کوریج دی جاسکے
انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان
Dailyquwat786@gmail.com
Cell:0302-1228000/0322-4181870

میاں محمد فیاض — چیف ایڈیٹر
صدف لطاف چوہدری — منیجنگ ایڈیٹر
ڈاکٹر محمد احسن محمود — سینئر کمپوزنگ ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی — ایڈیٹر
چوہدری عمران عشرت — سینئر ڈپٹی ایڈیٹر
محمد شہزاد میاں — ڈپٹی ایڈیٹر
نگار الیکشن ڈیسک پر سپروائزر
منشور الحسن یوسف — تجارت پیشرز سے پھچا کر 14 ویں روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 بلاک نمبر 8 ویں روڈ لاہور